آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز جمعہ 31 مارچ 2023ء بمطابق 09 رمضان المبارک 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 77

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

وزیراعظم کا جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف کیوریٹیو ریویو ریفرنس واپس لینے کا حکم

یہ عدلیہ کی آزادی پر شب خون اور اسے تقسیم کرنے کی مذموم سازش تھی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور اتحادی جماعتوں نے اپوزیشن کے دور میں بھی اس جھوٹے ریفرنس کی مذمت کی تھی

حکومت کا کمزور بے بنیاد اور سیاسی وجوہات پر کیوریٹیو ریویو ریفرنس دائر ہوا تھا، حکومت کا اس کی پیروی نہ کرنے کا فیصلہ

یہ ریفرنس نہیں تھا، آئین اور قانون کی راہ پر چلنے والے ایک منصف مزاج جج کے خلاف ایک منتقم مزاج شخص عمران نیازی کی انتقامی کارروائی تھی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سپریم کورٹ کے سینئر ترین جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف کیوریٹیو ریویو ریفرنس واپس لینے کا حکم دیدیا ہے جس کے باعث کمزور بے بنیاد اور سیاسی وجوہات پر کیوریٹیو ریویو ریفرنس دائر ہوا تھا، حکومت کا اس کی پیروی نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جمعرات کو جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم کی زیر صدارت کابینہ پہلے ہی اس فیصلے کی منظوری دے چکی ہے۔ وزیراعظم نے وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کو جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف کیوریٹیو ریویو ریفرنس واپس لینے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ریفرنس کے نام پر جسٹس

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سے امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان ملاقات کر رہے ہیں

وفاق کو بجلی کی ترسیلی کمپنیوں کو صوبوں کے سپرد کرنے کا معاملہ، حکومت بلوچستان نے انکار کر دیا

کیسکو کے دسمبر 2022 تک تمام نادہندہ صارفین کے ذمہ مجموعی تمام بقایاجات 577 ارب روپے تک پہنچ گئے

صوبہ پہلے ہی مالی بحران کا شکار، بلوچستان 60 فیصد خسارے والی کمپنی کیسکو کو لیکر مزید مالی بحران کا متحمل نہیں

خسارے میں گری کیسکو کو لیکر حکومت بلوچستان مالی بحران کا مزید بوجھ برداشت نہیں کرسکتا، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) وفاق کو بجلی کی ترسیلی کمپنیوں کے بلوں کی ریکوری میں مشکلات، بلوچستان 60 فیصد خسارے والی کمپنی کیسکو کو لیکر مزید مالی بحران کا متحمل نہیں، حکومت بلوچستان نے مزید مالی بحران سے بچنے کیلئے کیسکو کو لینے سے انکار کردیا۔ واضح رہے کہ کیسکو کے دسمبر 2022 تک تمام نادہندہ صارفین کے ذمہ مجموعی تمام بقایاجات 577 ارب روپے تک پہنچ گئے۔ اس رقم میں سے زرعی صارفین کے ذمہ 448 ارب روپے، زرعی سبسڈی کی مد میں صوبائی حکومت کے ذمہ تقریباً 44 ارب روپے اور وفاقی حکومت کے ذمہ زرعی سبسڈی کی مد میں 26 ارب روپے واجب الادا ہیں۔ صوبائی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ 30 ارب روپے، وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ 02 ارب روپے جبکہ دیگر کمرشل اور صنعتی صارفین

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر میں گیس و بجلی چوری کی روک تھام کیلئے اقدامات کا آغاز

گیس چوروں کیخلاف کارروائی میں سوئی گیس حکام کے ساتھ ایف آئی اے حکام بھی تعاون کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی حکومت کی ہدایت پر صوبائی دارالحکومت سمیت صوبے بھر میں گیس و بجلی چوری کی روک تھام کیلئے اقدامات کا آغاز کردیا گیا پہلے مرحلے میں کوئٹہ و اطراف کے کمرشل گھریلو اور سرکاری محکموں کے میٹرز کی چھان بین کی جائے گی ذرائع سے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سنجاوی میں مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص جاں بحق

سنجاوی (این این آئی) سنجاوی میں مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پولیس کی گاڑی چوری کے مقدمے میں مطلوب ملزمان کے خلاف کارروائی 4 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس کی گاڑی چوری کے مقدمے میں مطلوب ملزمان کے خلاف

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

گڈانی شپ یارڈ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) گڈانی شپ یارڈ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی تحصیلات کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔ جمعرات کو

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم شہباز شریف کی شیخ خالد بن محمد بن زید النہیان کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شیخ خالد بن محمد بن زید النہیان کی ابوظہبی کے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

سینیٹ نے انٹربورڈز کوآرڈینیشن کمیشن بل 2023 کی کثرت رائے سے منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ نے انٹربورڈز کوآرڈینیشن کمیشن بل 2023 کی کثرت رائے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

چیئرمین نیب کی ملازمت کے قواعد وضوابط سپریم کورٹ کے جج کے برابر کردیے گئے، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین کی ملازمت کے قواعد وضوابط سپریم

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کوئی نجی سیکیورٹی کمپنی کا گارڈ پولیس کو نہیں روک سکے گا، وزارت داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت داخلہ نے ملک بھر میں پولیس کو سرچنگ کیلئے نیا حکم نامہ جاری کردیا۔

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی محتسب کا فیصلہ برقرار، صدر مملکت کا بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ریٹائرڈ پروفیسر کو پنشن کا حصہ ادا کرنے کا حکم

یونیورسٹی کے پاس پیچھے ہٹنے کا کوئی قانونی یا اخلاقی جواز نہیں، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد محتسب کے فیصلے کی تعمیل کرے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے یونیورسٹی کے ریٹائرڈ پروفیسر کی پنشن سے متعلق وفاقی محتسب کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی میں 14 سال تک خدمات سرانجام دینے والے پروفیسر کو سپریم کورٹ کے فیصلے کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کا لکی مروت تھانہ پر حملے میں شہید ڈی ایس پی اور جوانوں کو خراج عقیدت

پولیس دہشت گردی کے خلاف فرسٹ لائن آف ڈیفنس کا شاندار کردار ادا کر رہی ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے لکی مروت میں پولیس تھانہ صدر پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ڈی ایس پی اقبال مہمند سمیت 3 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے گورنر پنجاب بلیغ الرحمن کا ٹیلیفونک رابطہ، گورنر بلوچستان کو اپنا منصب سنبھالنے پر مبارکباد

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے گورنر پنجاب بلیغ الرحمن کا ٹیلیفونک رابطہ، گورنر بلوچستان کو اپنا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ دونوں رہنماؤں نے ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی صورتحال، صوبوں کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چین، پاکستان کی جانب سے 2 ارب ڈالر قرض کی ادائیگی میں توسیع کی درخواست پر کام کر رہا ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے کہا ہے کہ چین، پاکستان کی جانب سے 2 ارب ڈالر قرض کی ادائیگی میں توسیع کی درخواست پر کام کر رہا ہے جس کی ادائیگی کی مہلت گزشتہ ہفتے ختم ہو چکی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یہ توسیع ایسے وقت میں پاکستان کیلئے انتہائی اہم ہے جب اس کے زرمبادلہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے صوبائی وزیر اسد بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

مختلف وجوہات کی بنیاد پر برآمدات متاثر ہوئیں، وزیر تجارت

برآمدی صنعت سے وابستہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، سید نوید قمر

آئی ایم ایف کی شرط ہے صنعتی برآمدی شعبہ پر سبسڈی نہ دی جائے، سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر برائے تجارت سید نوید قمر نے کہا ہے کہ مختلف وجوہات کی بنیاد پر برآمدات متاثر ہوئی ہیں، برآمدی صنعت سے وابستہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، آئی ایم ایف کی شرط ہے کہ صنعتی برآمدی شعبہ پر سبسڈی نہ دی جائے، برآمدی صنعت زرمبادلہ کے حصول میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ جمعرات کو سینٹ میں سینیٹرز کہدا بابر، محسن عزیز اور دلاور خان کے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں اشیائے خورد و نوش

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی اجلاس — محکموں میں خواتین کا کوٹہ 33 فیصد کرنے کی منظوری

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جامعات کے مالی بحران کے لئے حل کے لئے اقدامات اٹھانے، خواتین کے لئے ہر سطح پر الگ ڈائریکٹوریٹ بنانے محکموں میں خواتین کا کوٹہ بڑھا کر 33 فیصد کیا

خاران احمد وال روڈ اور خاران بسیمہ روڈ کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرکے ترجیحی بنیادوں پر کام کرنے کی قرارداد منظور کرلی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جامعات کے مالی بحران کے لئے حل کے لئے اقدامات اٹھانے، خواتین کے لئے ہر سطح پر الگ ڈائریکٹوریٹ بنانے محکموں میں خواتین کا کوٹہ بڑھا کر 33 فیصد کرنے، خاران احمد وال روڈ اور خاران بسیمہ روڈ کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرکے ترجیحی بنیادوں پر کام کرنے کی قرارداد منظور کرلی گئیں، سردار یار محمد رند کی جانب سے 11 مارچ کو اگلے بیٹھے پر حملے کی تحریک التواء پیش کی گئی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی سال 2018-19 کی رپورٹ منظور کرلی گئی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعرات کو چیئرمین آف چیئرپرسن کے رکن اصغر

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

جاپانی کمپنی نے پاکستان کو روسی تیل 35 فی صد کم فروخت کی پیشکش کردی

پاکستان عالمی قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے اس پیشکش پر غور کرسکتا ہے، سفیر رضا بشیر تارڑ

ٹوکیو (این این آئی) جاپان کی معروف ٹریڈنگ کمپنی نے اپنی آئرش پارٹنر کمپنی کے ساتھ مل کر پاکستان کو روسی تیل اور نائجیریا کی ایل این جی عالمی مارکیٹ سے 35 فیصد کم میں فروخت کرنے کی پیشکش کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس حوالے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان، مختلف شہروں میں موسلادھار بارشیں ایک شخص جاں بحق

بلوچستان مختلف شہروں میں موسلادھار بارشیں جاری، سیلابی صورتحال سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ چمن شاہراہ پر کوژک ٹاپ کے مختلف مقامات پر سیلابی ریلوں سے ٹریفک متاثر، بجلی کی سپلائی معطل رہی

کوئٹہ/چمن (این این آئی) بلوچستان کے مختلف شہروں میں موسلادھار بارشوں کا سلسلہ جمعرات کو بھی جاری رہا اور طوفانی بارشوں نے ایک بار پھر سیلابی صورتحال پیدا کردی ہے۔ کوہلو میں مسلسل 9 گھنٹے بارش کے بعد بیصو بہ ڈیم کے اسپیل وے سے پانی کا اخراج شروع ہوا اور ندی نالوں میں طغیانی آگئی جبکہ شہر میں بجلی کی سپلائی بھی معطل رہی۔ بولان ندی میں بھی طغیانی کی صورتحال رہی، عارضی پنجرہ پل بھی ریلے میں بہہ گیا، سندھ اور بلوچستان کو ملانے والی قومی شاہراہ پارہ کاز وے اور پنجرہ پل کے مقام بھی بند ہیں اور ٹریفک معطل رہی۔ اس کے علاوہ کوئٹہ چمن شاہراہ پر کوژک ٹاپ کے مختلف مقامات پر سیلابی ریلوں سے ٹریفک متاثر رہا، اس صورتحال کے سبب ہونے والے مختلف حادثات میں ایک شخص جاں بحق اور 6 افراد زخمی ہوگئے۔ دوسری جانب چمن، قلات، سبی، ژوب، لورالائی، قلعہ عبداللہ، زیارت، قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، کان مہترزئی، خانوزئی، توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی، ہرنائی، دکی،

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

بینچ کا ٹوٹنا نشاندہی ہے کہ سب کچھ ٹھیک نہیں، خواجہ آصف

اب کوئی نیا بینچ بنے گا، بینچ کا ٹوٹنا اس بات کی نشاندہی ہے کہ سب کچھ ٹھیک نہیں ہے بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بینچ کا ٹوٹنا نشاندہی ہے کہ سب کچھ ٹھیک نہیں۔ سپریم کورٹ کے باہر وزیر دفاع خواجہ آصف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں ابھی یہاں آیا ہوں تو مجھے پتا چلا کہ بینچ ٹوٹ گیا ہے، اب کوئی نیا بینچ بنے گا، بینچ کا ٹوٹنا اس بات کی نشاندہی ہے کہ سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے تمام ججز کی ذمہ داری ہے کہ عدلیہ کے وقار کا تحفظ کریں، جو کچھ نظر آرہا ہے اس سے یہ چیز ثابت نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ انصاف کے ترازو کے پلڑے برابر رکھے، پارلیمنٹ میں اختلاف رائے عام

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

معیشت پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، وزیر خزانہ

گزشتہ 5 سال میں فراڈ پالیسیوں اور نااہلی کے باعث یہ معاشی صورتحال ہے، موجودہ حکومت نے عالمی سطح پر کوئی وعدہ نہیں توڑا

تمام ادائیگیاں بروقت کی گئیں، مشکل کے باوجود زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہو رہا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 10 ارب ڈالر سے زائد ہیں، سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایک بار پھر میثاق معیشت کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ معیشت پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، گزشتہ 5 سال میں فراڈ پالیسیوں اور نااہلی کے باعث یہ معاشی صورتحال ہے، موجودہ حکومت نے عالمی سطح پر کوئی وعدہ نہیں توڑا، تمام ادائیگیاں بروقت کی گئیں، مشکل کے باوجود زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہو رہا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 10 ارب ڈالر سے زائد ہیں۔ جمعرات کو سینٹ میں اپوزیشن سینیٹرز سینیٹر محسن عزیز اور سینیٹر فیصل جاوید کے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ 2017 کی مردم شماری پر بھاری اعتراضات آئے، بھاری اعتراضات کے باوجود اس پر شدید تحفظات تھے جن کے باعث 2018 کے انتخابات میں مسئلہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کے آئین کے تحت یہ مردم شماری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نادرا کے تعاون سے جدید نظام کے تحت بچت کی جاسکتی ہے۔ اگر اس کیلئے قانون میں ترمیم کی ضرورت ہے تو یہ کی جاسکتی ہے۔ وزیر خزانہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

احتجاج ہمارا آئینی حق ہے، تحریک انصاف کے کارکنان کو دہشت گرد کہنا سمجھ سے بالاتر ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ احتجاج ہمارا آئینی حق ہے، تحریک انصاف کے کارکنان کو دہشت گرد کہنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ جمعرات کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ پورے ملک میں بالخصوص اسلام آباد اور پنجاب میں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

حتمی مردم شماری ہوگئی تو انتخابات نئی حلقہ بندیوں کے تحت ہوں گے، وفاقی وزیر قانون

2018 کے انتخابات کو قانونی حیثیت دینے کیلئے آرٹیکل 51 میں ترمیم کرکے ایک وقت کیلئے پروویژنل مردم شماری کرانے کی اجازت دی گئی

مردم شماری کے معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، وفاقی وزیر سید فیصل سبزواری کا اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے واضح کیا ہے کہ ملک بھر میں پہلی بار ڈیجیٹل مردم شماری ہو رہی ہے جو 30 اپریل تک مکمل ہوگی، مردم شماری کے تحت آئندہ انتخابات آئینی معاملہ ہے اگر حتمی مردم شماری ہوگئی تو انتخابات نئی حلقہ بندیوں کے تحت ہوں گے۔ جمعرات کو سینٹ میں سینیٹر بہرہ مند تنگی اور سینیٹر ہدایت اللہ کے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ 2017 میں مردم شماری پر کافی اعتراضات آئے، 2018 کے انتخابات کو

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بی آر آئی میں اصل خوبصورتی اشتراک کا جذبہ ہے، احسن اقبال

چین نے بی آر آئی کے تحت اپنی کمپنیوں کو پاکستان میں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کرنے کی اجازت دی

چین ترقی پذیر ممالک کے ساتھ اپنی کامیابیوں کا اشتراک کرتا ہے، سالانہ کانفرنس 2023 سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ بی آر آئی میں اصل خوبصورتی اشتراک کا جذبہ ہے، چین ترقی پذیر ممالک کے ساتھ اپنی کامیابیوں کا اشتراک کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین میں جاری باؤ فورم برائے ایشیا کی سالانہ کانفرنس 2023 کے دوران کیا۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو مشترکہ طور پر مشترکہ ترقی کے مواقع تلاش کرنے کے لیے سب کا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

لاہور، انڈر پاس کی چھت سے ٹکرا کر 40 سالہ شخص جاں بحق

لاہور (این این آئی) گلبرگ، احمد مبین شہید انڈر پاس کی چھت سے ٹکرا کر 40 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق 40 سالہ شخص لوڈر ٹرک پر سوار تھا، انڈر پاس سے گزرتے گاڑی چھت سے ٹکرا گئی، حادثے میں ٹرک پر سوار 40 سالہ شخص موقع پر دم توڑ گیا۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاش ایدھی رضاکاروں نے مردہ خانہ منتقل کر دی۔

لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے پارٹی کے سینئر رہنما، پنجاب الیکشن سیل کے کوارڈی نیٹر ہمایوں اختر خان ملاقات کر رہے ہیں

12 یا 16 اگست کے بعد ہماری حکومت نہیں ہوگی، رانا ثناء اللہ

ملک اس وقت افراتفری اور انارکی کی طرف کھڑا ہے، اس کیلئے عمران خان کی دس سال کی محنت ہے

16 اگست کو عبوری حکومت آ جائیگی، الیکشن کرانا ان کا کام ہے، وفاقی وزیر داخلہ گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ 12 یا 16 اگست کے بعد ہماری حکومت نہیں ہوگی، 16 اگست کو عبوری حکومت آ جائے گی، الیکشن کرانا ان کا کام ہے، ملک اس وقت افراتفری اور انارکی کی طرف کھڑا ہے، اس کیلئے عمران خان کی دس سال کی محنت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ملک میں سیاسی درجہ حرارت کم ہونا چاہیے، لوگوں کو معاملات کے حل کرنے کیلئے مشاورت سے کام لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت افراتفری اور انارکی کی طرف کھڑا ہے، اس کیلئے عمران خان کی دس سال کی محنت ہے، انہوں نے ملک کو انتشار کی طرف لے جانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ معاملات کو حل کرنے کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ کی ضرورت ہے، ایک بیان دینے سے یہ معاملہ حل نہیں

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

لکی مروت دھماکا، ڈی ایس پی سمیت 4 اہلکار شہید، 6 زخمی

دھماکے کے نتیجے میں شہید ہونے والوں میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اقبال مہمند اور تین پولیس اہلکار کرامت، وقار اور علی مرجان شامل

تھانہ صدر پر دہشت گردوں کے حملے کا پولیس نے جرأت و بہادری سے مقابلہ کیا، وزیراعظم شہباز شریف کی حملہ کی مذمت

لکی مروت (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں تھانہ صدر کے قریب دھماکے کے نتیجے میں ڈی ایس پی اقبال مہمند سمیت 4 اہلکار شہید اور چھ زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈی ایس پی تھانہ صدر پر دہشت گرد حملے کی اطلاع پر موقع پر روانہ ہوئے تھے کہ پیروالا موڑ کے قریب ڈی ایس پی کی گاڑی بارودی مواد کے دھماکے کا نشانہ بنی۔ دھماکے کے نتیجے میں ڈی ایس پی اقبال مہمند سمیت 4 اہلکار شہید اور 6 زخمی ہوگئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق حملے کے نتیجے میں شہید ہونے والوں میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اقبال مہمند اور تین پولیس اہلکار کرامت، وقار اور علی مرجان جبکہ زخمیوں میں ہیڈ کانسٹیبل فاروق، کانسٹیبل گلفتیاز، اصغر، امانت اللہ، عارف، سردار علی شامل ہیں۔ لکی مروت پولیس کے ترجمان شاہد حمید نے بتایا کہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

گلگت میں نوتعمیر شدہ ائرمکس ایل پی جی پلانٹ کو آپریشنل کیا جائے، قمر زمان کائرہ

عوام کی ضروریات کے پیش نظر پلانٹ کو عید کے فوری بعد آپریشنل کیا جائے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) مشیر امور کشمیر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ گلگت میں نوتعمیر شدہ ائرمکس ایل پی جی پلانٹ کو آپریشنل کیا جائے۔ جمعرات کو مشیر امور کشمیر نے وزارت امور کشمیر اور سوئی ناردرن گیس پائپ لائن لمیٹڈ کے حکام کے اجلاس کی صدارت کی۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ گلگت میں نوتعمیر شدہ ائرمکس ایل پی جی پلانٹ کو آپریشنل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی پلانٹ کو آپریشنل کرنے کے ساتھ ساتھ صارفین کو گیس سپلائی کو بھی یقینی بنایا جائے۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ عوام کی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

نئی قانون سازی سے شخصی اختیارات کو عدالتی اختیار میں تبدیل کیا گیا ہے، شیری رحمان

بار کونسلز اور قانونی ماہرین نے نئی قانون سازی کو مثبت اور وقت کی ضرورت قرار دیا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما اور سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل 2023، سے کسی کے اختیار کو محدود نہیں کیا گیا، نئی قانون سازی سے شخصی اختیارات کو عدالتی اختیار میں تبدیل کیا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں رہنما پیپلز پارٹی شیری رحمان نے کہا کہ قومی اسمبلی سے منظوری کے بعد سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل 2023، سینیٹ سے بھی منظور ہوا ہے، بار کونسلز اور قانونی ماہرین نے نئی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

سازش پکڑی گئی، ملک، ریاست اور ادارے تم جیسے دہشت گرد، فتنے کے حکم پر نہیں چل سکتے، مریم نواز

پاکستان کی تاریخ کے پہلے سرٹیفائیڈ آئین شکن کے منہ سے آئین جیسی مقدس شے کا نام لینا بھی گھناؤنا مذاق ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ کے پہلے سرٹیفائیڈ آئین شکن کے منہ سے آئین جیسی مقدس شے کا نام لینا بھی گھناؤنا مذاق ہے۔ انہوں نے سماجی روابط کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر عمران خان کے بیان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بات یہ کہ وہ سازش جو تم نے سہولت کاروں کی مدد سے تیار کی تھی وہ پکڑی گئی ہے۔ مریم نواز نے مزید کہا کہ ملک، ریاست اور ادارے تم جیسے دہشت

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

نامعلوم افراد چند دنوں میں ہمارے گھر جعلی آپریشن کرنا چاہتے ہیں، عثمان ڈار

سیالکوٹ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عثمان ڈار نے کہا ہے کہ نامعلوم افراد آئندہ چند دنوں میں ہمارے گھر، فیکٹری یا جناح ہاؤس میں جعلی آپریشن کرنا چاہتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عثمان ڈار نے کہا کہ یہ اسلحہ، منشیات رکھ کر ہمارے پبلک

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ کا لکی مروت میں ڈی ایس پی سمیت 4 اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

پاکستان مخلصے میں امن کے لیے دہشت گردی کے خلاف ہمیشہ آواز اٹھاتا رہے گا، محمد صادق سنجرانی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے لکی مروت میں سڑک کنارے نصب بم دھماکے کے نتیجے میں ڈی ایس پی سمیت 4 اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی دھماکے کے نتیجے میں شہید ہونے والے ڈی ایس پی اقبال مہمند اور اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار اور زخمی اہلکاروں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ چیئرمین

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں کورونا وائرس کے 115 کیس رپورٹ، 22 کی حالت تشویش ناک

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 115 کیس رپورٹ ہوئے جن میں سے 22 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ جمعرات کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر



رکن صوبائی اسمبلی و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس اختر حسین لانگو آڈٹ رپورٹ برائے سال 2018-19 ایوان میں پیش کر رہے ہیں

عدالتی اصلاحات سے متعلق بل 2023 سینیٹ سے بھی منظور

سینٹ، اپوزیشن کے شدید احتجاج اور شرابہ کے باوجود سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل 2023، وکلاء فلاح و تحفظ اور انٹر بورڈز کوآرڈینیشن بل منظور

تشویش ہے ادارے دست و گریباں ہو رہے ہیں، بار کونسلز اور عام آدمی کا مطالبہ تو پہلے سے تھا، اب سپریم کورٹ کے اندر سے بھی از خود آیا ہے، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے بعد سینٹ نے اپوزیشن کے شدید احتجاج اور شرابہ کے باوجود سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل 2023، وکلاء فلاح و تحفظ اور انٹر بورڈز کوآرڈینیشن بل منظور کرلئے۔ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کے حق میں 60 اور مخالفت میں 19 ووٹ آئے۔ اپوزیشن نشستوں پر موجود فاٹا اور بلوچستان عوامی پارٹی سے تعلق رکھنے والے سینیٹرز نے بھی بل کی حمایت میں ووٹ دیا۔ اس دوران اپوزیشن اراکین نے چیئرمین سینٹ کے ڈائس کا گھیراؤ کرتے ہوئے بل کی کاپیاں پھاڑ دیں، چیئرمین کے منع کرنے کے باوجود اراکین عدلیہ پر حملہ نامنظور، الیکشن کراؤ ملک

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کنگ سلمان ریلیف سینٹر نے پاکستان میں NFIs15000 پر مشتمل پروجیکٹ مکمل

اسلام آباد (این این آئی) کنگ سلمان ریلیف سینٹر نے پاکستان میں 15,000 NFIs پر مشتمل پروجیکٹ مکمل کر دیا۔ کنگ سلمان ہیومینیٹیرین ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر (KSrelief) نے پورے پاکستان میں تباہ کن سیلاب سے متاثرہ افراد میں NFI کٹس کے تیسرے اور چوتھے مرحلے کی 15,000 NFI کٹس کی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کراچی: ترجمان سندھ حکومت صوبائی مشیر قانون بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سندھ اسمبلی میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ
Daily SHAL
شال کوئٹہ
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

31 مارچ 2023ء

وفاق کو بجلی کی ترسیلی کمپنیوں کے بلوں کی ریکوری میں مشکلات،

وفاق کو بجلی کی ترسیلی کمپنیوں کے بلوں کی ریکوری میں مشکلات، بلوچستان 60 فیصد خسارے والی کمپنی کیسکو کو لیکر مزید مالی بحران کا متحمل نہیں، حکومت بلوچستان نے مزید مالی بحران سے بچنے کیلئے کیسکو کو لینے سے انکار کر دیا۔ واضح رہے کہ کیسکو کے دسمبر 2022 تک تمام نادہندہ صارفین کے ذمہ مجموعی تمام بقایا جات 577 ارب روپے تک پہنچ گئے۔ اس رقم میں سے زرعی صارفین کے ذمہ 448 ارب روپے، زرعی سبسڈی کی مد میں صوبائی حکومت کے ذمہ تقریباً 44 ارب روپے اور وفاقی حکومت کے ذمہ زرعی سبسڈی کی مد میں 26 ارب روپے واجب الادا ہیں۔ صوبائی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ 30 ارب روپے، وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ 02 ارب روپے جبکہ دیگر کمرشل اور صنعتی صارفین کے ذمہ تقریباً 28 ارب روپے کے بقایا جات واجب الادا ہیں گزشتہ روز وفاقی حکومت کی جانب سے پاور تقسیم کرنے والی 10 کمپنیوں کو صوبوں کے اختیار میں دینے کا فیصلہ کیا گیا تھا وزارت توانائی کے مطابق گردشی قرضے پہلے ہی 2 کھرب 50 ارب روپے کو پہنچ چکے ہیں اور خدشہ ہے کہ بجلی کی چوری اور لائن لاسز کی وجہ سے جلد ہی اس کا حجم 3 کھرب روپے سے تجاوز کر جائے گا اور آئی ایم ایف کی دباؤ پر بجلی کی قیمتوں میں مزید اضافے کے باوجود بھی ان گردشی قرضوں میں اضافہ رکتا نظر نہیں آ رہا۔ ترسیلی کمپنیوں کی جانب سے بلوں کی ریکوری ایک دیرینہ مسئلہ بن گیا ہے جس کے باعث گردشی قرضوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور موجودہ قانونی اور انتظامی ڈھانچے کو دیکھتے ہوئے اس میں صوبوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہو گا جبکہ وفاقی حکومت بجلی کی پیداوار اور ترسیل کی کمپنیوں کا اختیار اپنے پاس رکھے گی۔ بجلی چوری روکنے اور لوڈ شیڈنگ کا شیڈول بھی صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہوگی۔

داستان ایک سیلابی ریلے کی (آخری قسط)

عرفان صدیقی

اور کشمیر کمیٹی، اگر کرپشن اُن کا مسئلہ ہوتی تو پی۔اے۔سی کے فورم سے تلاطم اٹھا دیتے۔ کشمیر کمیٹی عالمی سطح پر انہیں متعارف کراتی، وہ کبھی ان کمیٹیوں کے اجلاس میں گئے نہ ہی ایوان میں باقاعدگی سے حاضری دی، بالآخر مستعفی ہو گئے۔ 2008ء میں ادراک ہی نہ کر سکے کہ ایک نوزائیدہ جماعت کو انتخابات سے باہر رکھنا کالا پن حکمتی ہے۔ 2013ء میں حسب خواب انتخابی کامیابی نہ ملی تو آتش زیر پا ہو گئے۔ ایوان کے بجائے سڑکوں چوراہوں کو ٹھکانا بنالیا۔ مستقبل کی ساری امیدیں مقتدر غیر جمہوری قوتوں سے جوڑ لیں۔ اونچی بارگاہوں سے آنے والی ہدایات کو گئے وقتوں کی اصیلوں کے "بہشتی زیور" کا درجہ دے دیا، اُدھر کے اشاروں پر دھرنے دیئے، استعفے داغتے اور بحران تخلیق کرتے رہے، اس بار بھی پارلیمنٹ کو اپنی توانائیوں کا محور بنانے کے بجائے "امپائر کی انگلی" کی طرف دیکھتے رہے۔ استعفے دیئے، پھر واپس لے لیے۔ ایوان میں توانا کردار ادا کرتے ہوئے اپنے دو بڑے حریفوں کو زچ کئے رکھنے کا موقع گنوا دیا۔ 2018ء کے انتخابات سے بہت پہلے مقتدر گوشوں کی ہوائیں انہیں گود لے چکی تھیں۔ نواز شریف کو عمر بھر کے لئے نااہل کیا جا چکا تھا، جنرل فیض حمید کے بقول "دو سال کی محنت" خان صاحب کی راہوں میں تختہ ہائے گل بچھا چکی تھی۔ آخری ضرب آر ٹی ایس پر لگائی گئی۔ خان صاحب وزیر اعظم بن گئے۔ وہ ہماری تاریخ کے سب سے طاقت ور سربراہ حکومت تھے۔ بھٹو سے نواز شریف تک ہر مضبوط اور مقبول وزیر اعظم کی پشت پر تازیانے برسانے اور اُن کے انگ انگ پر چرکے لگانے والے مقتدر حلقے، خان صاحب کے آستانہ عالیہ میں ہاتھ باندھ کر کھڑے ہو گئے۔ چار سُو ایک پیج کا ڈنکا بجنے لگا۔ خان صاحب کے لہو میں کوئی چنگاری ہوتی تو وہ اتنی سازگار آب و ہوا کے زور پر اُسے الاؤ میں بدل دیتے۔ تاریخ کا بے مثل وزیر اعظم بن کر ابھرتے۔ افسوس کہ اُن کی ترجیحات حریفوں پر غداری، چرس برداری اور کرایہ داری جیسے الزامات کے درمیان جھولا جھولتی رہیں۔ لوگوں کو جیل میں ڈالنا اپنی کارکردگی کا حسن سمجھتے رہے۔ بیساکھیوں کو سہارا سمجھنے کے بجائے اپنا اثاثہ سمجھ بیٹھے۔ اپنے پاؤں پر چلنا تو کیا، کھڑے ہونا بھی نہ سیکھا۔ بیساکھیاں چھن گئیں تو ڈولنے ڈگمگانے، گرتے پڑتے آگے بڑھنے کی کوشش کی۔ سازشوں کے پیکر تراشے۔ امریکہ کو للکارا۔ اپنے محسنوں کو مغلظات سنائیں۔ کروڑوں کر پراپیگنڈہ کمپنیوں کی خدمات حاصل کیں۔ گھنٹوں طویل تقریریں کیں۔ ان کے فدائین رقص درویش میں مگن رہے لیکن ابلاغیاتی چکا چوند کے باوجود عمران خان ایک سنجیدہ خو، معاملہ فہم اور مستقیم فکر راہنما نہ بن پائے۔ گزشتہ ایک سال کے کمالِ فن پر ایک نظر ڈالیے، انہی دنوں عدم اعتماد کا ناقوس بجا تو سورج کا ایک سوا نیزے پہ آ ٹھہرا۔ چار سال کی بے حکمتی کا ثمر تھا کہ بالشت بھر سایۂ دیوار بھی میسر نہ آیا۔ ریوڑ ہانک کر لانے والے گڈریے روٹھ گئے۔ جنرل باجوہ کو تاحیات توسیع کی پیش کش کی لیکن رُت بدل چکی تھی۔ قاسم سوری کی آئین شکن رولنگ اکارت گئی۔ عارف علوی کے ہاتھوں اسمبلی تڑوا دی۔ بات نہ بنی۔ باجماعت استعفے دے دیئے کہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔ بانس بھی سلامت رہا اور بانسری بھی بجتی رہی۔ پہلے شمال اور پھر جنوب سے یلغار اٹھائی کہ کروڑوں لوگ ہم رکاب ہوں گے اور اسلام آباد دہل جائے گا۔ خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوا۔ نئے آرمی چیف کا راستہ روکنا چاہا۔ ناکام رہے۔ "منحصر مرنے پہ ہو جس کی امید" کے مصداق یکے بعد دیگرے پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں توڑ دیں۔ اپنی ہی حکومتوں کے حلقوم پر خنجر چلایا۔ اپنے ہی وزرائے اعلیٰ کو گھر بھیج دیا۔ "سیاسی حکیمانہ سوچ" یہ تھی کہ قومی اسمبلی کے انتخابات کو بھی صوبائی انتخابات کی طرح نوے دن کے اندر اندر کھینچ لائیں گے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ دونوں صوبوں کے انتخابات کو بھی اکتوبر تک دھکیل دیا گیا۔ ایک سال پر محیط ان کرتب کاریوں کا آخری باب یہ ہے کہ مقدمات ساون بھادوں کی طرح برس رہے ہیں۔ ضمانتیں بھلے ہو رہی ہیں لیکن آوازے پڑ رہے ہیں۔ انہونیاں چار سو منڈلا رہی ہیں۔ بنی گالا تو گزشتہ برس ہی حریفوں کے ہاتھ آ گیا تھا اب زمان پارک بھی "بدخواہوں" کی دسترس میں آ چکا ہے۔ سب کچھ لٹا دینے کے بعد ایک بار پھر امریکی ایوان، ریڈزون کے سفارت خانے، اقوام متحدہ کے دربار، لابنگ فرمز اور زلمے خلیل زاد قبیل کے لوگ مسیحا ٹھہرے۔ یہ ہے اس عہد کے نابغۂ روزگار بیانیہ ساز اور سیاسی حکمت کار کے دستِ معجز نما کے کرشمے۔ اُستاد ابراہیم ذوق نے کہا تھا

ہم سے بھی اس بساط میں کم ہوں گے بدقمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے

لیکن اس سب کچھ کے باوجود خان صاحب کی حکمت کاری اور بیانیہ سازی پر ایمان نہ لانا، گناہِ کبیرہ ہے۔ سوشل میڈیا کے ہنرکار، بدستور تارزر سے مینا کاری کر رہے ہیں۔ خان صاحب کی شخصیت کے گرد نورانی ہالہ بنا ہوا ہے۔ اس نورانی ہالے کے نیم وا دریچوں سے اندر جھانکنے والوں کو اب بھی عصر حاضر کا سب سے بڑا بیانیہ ساز اور سیاسی حکمت کار دکھائی دیتا ہے۔

حالِ دل، حالِ جگر، پڑھ لیجئے

چودھری خادم حسین

میری دیرینہ عادت ہے کہ اپنے دُکھ کو اپنے تک رکھنے کی کوشش کرتا ہوں اور اب تو اپنے حقوق کے حوالے سے بھی بزدل ہو چکا ہوں، رفتارِ زمانہ کا ساتھ نہیں دے سکتا، دوست بچھڑ گئے اس لئے محفل بھی نہ رہی، اپنے پیشہ سے تعلق رکھنے والے بھی اکثر اللہ کو پیارے ہوئے اور دیگر ساتھی مصروفیت یا وقت نہ ملنے کا عذر کرتے ہیں اس لئے دفتر اور گھر والا سلسلہ ہی چل رہا ہے۔ صبح کی سیر کا سلسلہ تھا اور بستی کے دوستوں سے ملاقات اور گفتگو ہو جاتی تھی۔ یہ سلسلہ پہلے ماحولیاتی آلودگی کے باعث کم تر ہوا، اس کے بعد بحال نہ ہو سکا کہ صاحبزادی سے ملنے برطانیہ جانا ہوا، وہاں سے واپسی پر مسائل صحت پیدا ہو گئے، ابتدا بے احتیاطی یا لاپرواہی کے باعث ٹھنڈ لگنے سے ہوئی، کئی روز ٹونے ٹوٹکوں سے کام چلانے کی کوشش کی تھی مگر ڈاکٹر کے پاس جانا ہی پڑا اور انہوں نے ہی ٹھنڈ لگنے والی تشخیص کی اور پھر بادل نخواستہ اینٹی بائیوٹک ادویات کے استعمال پر مجبور ہونا پڑا، اللہ نے کرم کیا، پھر سے معمول کی سرگرمیاں شروع ہوئیں، ابھی چند روز گذرے کہ صبح کے وقت سحری کے لئے اٹھا، سحری اور نماز کے بعد معمول کی نیند کا ارادہ کیا تو سو نہ سکا اور اچانک پھر سے گھبراہٹ اور بے چینی والی کیفیت بن گئی، نہ لیٹا جا رہا تھا اور نہ ہی بیٹھا جا رہا تھا، عرصہ سے پارک نہ گیا اس روز طبیعت کی بحالی کے لئے پارک تک جا کر بھی چکر لگائے، منہ خشک اور پیٹ سخت تھا یوں محسوس ہوتا تھا کہ روزہ بھی نہ نبھ سکے گا، اس سے قبل کئی روز سے جسم پر الرجی جیسی کیفیت تھی، برداشت کر کے دفتر بھی جاتا تھا۔ صاحبزادے کو دکھا کر ایک طبی کریم بھی لگا رہا تھا اس روز یہ تکلیف بھی بڑھی اور برداشت نے جواب دے دیا، رات کو افطار کے بعد ڈاکٹر عدنان قاضی صاحب کی خدمت میں حاضر ہونا پڑا، انہوں نے تفصیل سے معائنہ کیا اور پھر بتایا کہ یہ الرجی نہیں، وائرس کا شاخسانہ ہے اس میں کمر کے حصے سے شروع ہو کر بائیں طرف سے جسم کے درمیانی حصے تک الرجی جیسی کیفیت ہو جاتی ہے یہ قدرتی طور پر اس حصے کی آنت کو متاثر کرتا ہے اور درد بھی عجیب قسم کی ہوتی ہے، یہ پرانا وائرس ہے، عام تو نہیں لیکن اکثر اثر انداز ہو جاتا ہے، لازم نہیں کہ حال ہی میں اثر انداز ہوا ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ ماضی میں کہیں آ کر چمٹا ہو لیکن بہتر قوت مدافعت کی وجہ سے دم سادھے بیٹھا رہا اور اب قوت مدافعت میں کمی کے باعث ایکٹو ہو گیا ہو۔ ڈاکٹر صاحب کے مطابق علاج موجود ہے اور ہفتے دس دن میں ٹھیک ہو گا اور جاتے وقت جسم پر نشانی چھوڑ کر جائے گا کہ جہاں جہاں الرجی نما مرض نمایاں ہوا ہے ٹھیک ہونے کے بعد نشان رہ جائے گا۔ میں ہنس پڑا اور کہا اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ یہ جسم کے کسی ایسے حصے پر نہیں جو نظر کے سامنے آئے جہاں ہوا وہ حصہ کپڑوں میں چھپ جائے گا۔ ڈاکٹر عدنان مسکرا کر بولے! یہ وائرس خصوصی طور پر آنت کو متاثر کرتا ہے جو کمر کے پیچھے سے بائیں طرف اور جسم کے درمیانی حصے تک ہوتی اور قدرت کا کمال ہے۔ بہرحال دوا تجویز کر دی گئی، ڈاکٹر عدنان صاحب ہی سے پہلے مرض کے علاج کے دوران روزے رکھنے کی اجازت لی تھی اور اب انہوں نے ہی تجویز کیا۔ کہ زیادہ نہیں کم از کم تین دن تک روزہ قضا کر لوں اور متاثرہ حصے پر دن میں صبح شام کریم لگا کر جسم کو کھلا رکھوں، اب حالت ملنگوں والی ہو گئی، دفتر کے دوستوں سے معذرت کی اور گھر پر لیپ ٹاپ لے کر بیٹھ گئے، اب دن بھر تو دھوتی باندھے جسم کو کھلا رکھنا ہوتا ہے لیکن نمازوں کے لئے بہرحال کچھ وقت کے لئے یہ احتیاط نہیں ہو پاتی، دُکھ تو روزوں کی قضا کا زیادہ ہے کہ کبھی ایسا نہیں ہوا، ماسوا زندگی کے ایک رمضان کے جب سخت گرمی تھی اور مجھے کوئٹہ میں ایک عزیز کے کام کی غرض سے وقت گذارنا پڑا تھا اور تیرہ روزے قضا ہوئے ورنہ جب سے روزے رکھنا شروع کئے، کبھی قضا نہ ہوئے اور اللہ نے انتہائی گرم اور شدید سرد موسم میں بھی توفیق و ہمت عطا فرمائی اور روزے پورے ہوئے۔ یہ گذارشات اس لئے لکھ دیں کہ ڈاکٹر صاحب کی ہدایت کے مطابق گھر پر ہوں اور شاید یہ پورا ہفتہ یونہی گذرے، قارئین کرام! آپ سے اور تمام دوستوں کی طرف سے دُعا کا طالب ہوں۔ یہ آگاہی ہے کہ میں مجبوراً گھر پر ہوں اس لئے آپ کے سوالات کا یہ اجتماعی جواب اور احوال ہے۔

ہونا تو یہ چاہئے کہ ان حالات میں دنیا داری سے بھی پرہیز کیا جائے لیکن کیا کریں، ٹیلی ویژن تو دیکھنا ہوتا ہے اس لئے ذہنی پریشانی سے تو نجات نہیں مل رہی، عالمی تناظر میں ملکی مسائل اور معاملات چل رہے ہیں تو اب پارلیمنٹ جس میں اپوزیشن نہ ہونے کے برابر ہے، یک "ایکٹو" ہو گئی کہ از خود نوٹس کے حوالے سے دو فاضل جج حضرات کا فیصلہ نشر اور شائع ہو گیا، چنانچہ پارلیمنٹ میں قانون سازی شروع ہو گئی۔ تحریک انصاف کیلئے مشکل ہے کہ وہ کھلنا مخالفت کرے اس لئے اس کی طرف سے عدالتی اصلاحات کو تو تسلیم کیا گیا لیکن ساتھ طریق کار پر تنقید بھی کی گئی جو ان کا حق ہے یہ سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالے (عدالتی اصلاحات + طرز عمل) سے میں بہت کچھ عرض کر سکتا ہوں لیکن مصلحت یہ ہے کہ موجودہ حالات میں ذرا صبر کیا جائے، قوم کے لئے اچھی خبر او عمل تو یہ ہو سکتا ہے کہ متحارب فریق ایک میز پر آ کر قومی امور پر اتفاق کر لیں جو ممکن نظر نہیں آتا، دونوں طرف سے مذاکرات یا بات چیت پر آمادگی کا اظہار کیا جاتا ہے، لیکن ساتھ ہی صاف پانی کی بالٹی میں حرام قطرے ڈال دیے جاتے ہیں اور بات رک جاتی ہے، اس لئے بارگاہ الٰہی میں دعا ہے کہ حالات بہتر کر دے۔ ان دنوں بڑی خبر مفت آٹا تقسیم کرنے والی ہے اور دوستوں کا زور اس پر ہے (جاری ہے)

4 ارب کی ادویات



میڈیا کے باوثوق بتاتے ہیں کہ کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں کے لیے 4 ارب روپے کی ادویات جاری کی گئی۔ یہ معاملہ کیا ہے کوئٹہ سمیت پورے ملک میں عوام کو طبی سہولیات کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ اور ادویات کے داموں میں ہوشربا اضافے سے بیمار، غریب اور کم آمدن والے افراد کو جو مشکلات اور دشواریوں سے نبرد آزما ہونا پڑ رہا ہے وہ نہایت افسوس ناک ہی نہیں بلکہ قابل مذمت بھی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں۔ دوائیوں کا نہ ملنا اور بازار سے لینے کیلئے قوت خرید کا نہ ہونے کو عوام کی بدنصیبی سے ہی تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا ہے کہ محکمہ صحت میں میڈیکل سٹورز ڈیپارٹمنٹ کو ختم کر کے ادویات کی خریداری اضلاع کو منتقل کر دی ہے، سرکاری ادویات کی میڈیکل سٹوروں پر فروخت کی روک تھام کیلئے ادویات کی ٹھکانہ چیک کروا رہے ہیں تا کہ سرکاری ادویات صرف حقداروں کو مل سکے فنڈز کے استعمال کا طریقہ کار بہتر کرنے کی ضرورت ہے فنڈز نہ ہونے کا رونا ایک وطیرہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا، سید احسان شاہ نے کہا کہ میں نے بحیثیت وزیر خزانہ بھی اپنے فرائض سرانجام دیے ہیں، جب سے محکمہ صحت کا قلمدان سنبھالا ہے محکمہ کی بہتری اور اس میں اصلاحات کیلئے کوشاں ہوں بلوچستان میں 700 سے زائد بنیادی مراکز صحت 24 ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال 15 ٹیچنگ کیڈر ہسپتال 4 ٹریشری کیئر ہسپتال و دیگر محکمہ صحت کے ماتحت کام کر رہے ہیں، جبکہ طبی افرادی قوت کیلئے ایک میڈیکل یونیورسٹی 4 میڈیکل کالجز 13 نرسنگ کالجز کام کر رہے ہیں۔ دوسری جانب بلوچستان میں صحت کے شعبے میں سہولیات باقی دنیا سے 25 پاکستان کے دیگر صوبوں سے دس سے بارہ سال پیچھے ہونے کا انکشاف، جدید عہد میں بھی بلوچستان میں روبوٹک سرجری کا آغاز نہ ہو سکا، صوبے میں فرسودہ نظام کے تحت مریضوں کی اوپن سرجری کر کے انسانی جسم کو سینہ سے مثانے تک چیر دیا جاتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق باقی دنیا میں صحت کے شعبہ میں روزانہ کی بنیاد پر جدت لائی جا رہی ہے، سائنس کے اس دور میں دنیا 25 سال پہلے اوپن سرجری سے مرحلہ وار روبوٹک سرجری کی طرف منتقل ہو چکی ہے جبکہ پاکستان کے دیگر صوبوں کے ہسپتالوں میں بھی 12 سال قبل روبوٹک سرجری کا آغاز ہو چکا ہے تاہم بلوچستان میں اب بھی فرسودہ نظام صحت کے تحت مریضوں کی اوپن سرجری کی جا رہی ہے، ماہرین کے مطابق اوپن سرجری میں انسانی جسم کو سینہ سے مثانے تک چیر دیا جاتا ہے، اور انفکشن کے چانسز خون کے ضیاع کے چانسز بہت زیادہ ہوتے تھے جبکہ روبوٹک سرجری کے ذریعے انسانی جسم کے اندر انفکشن پھیلنے کا خدشہ نہیں، ماہرین کے مطابق انتڑیوں، پتہ، گردہ، مثانہ و دیگر امراض کا آپریشن روبوٹک سرجری کے ذریعے نہ صرف انتہائی آسان ہے بلکہ مریض کو بھی تکلیف نہیں ہوتی نہ مستقبل میں اس کی صحت پر سرجری کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق روبوٹک سرجری کے آلات اور مشینری کو چلانے کیلئے تربیت یافتہ عملہ کوئٹہ میں موجود ہے تاہم مشینری دستیاب نہ ہونے سے اب تک فرسودہ نظام صحت کے تحت لوگوں کے آپریشن کئے جا رہے ہیں، عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ عہد حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ شہریوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات اٹھاتے ہوئے کوئٹہ کے ہسپتالوں میں روبوٹک سرجری کے آلات فراہم کریں۔ روبوٹک مشینری کی فراہمی سے نہ صرف بلوچستان میں صحت کے شعبہ میں جدت آئے گی بلکہ صوبے کے وہ مریض جو ملک کے دیگر شہروں میں اپنا علاج معالجہ کراتے جاتے ہیں انہیں گھر کی دہلیز پر یہ سہولیات میسر آئیں گی۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اولین ترجیح کے بنیاد پر کوئٹہ کے ہسپتالوں کو روبوٹک سرجری مشینری کی فراہمی کو یقینی بنا کر صحت کے شعبہ میں جدت لائیں گے۔

ہمارے ذرائع کے مطابق ملک میں ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا امکان ہے، وزارت صحت اور ڈریپ نے فارما انڈسٹریز کے سامنے گھٹنے ٹیک دیے، وفاقی کابینہ کو 119 ادویات کی قیمتوں میں 350 فیصد سے زائد اضافے کی سمری بھجوا دی گئی۔ وفاقی کابینہ کو منظوری کے لئے بھیجی جانے والی سمری میں 119 ادویات کو شامل کیا گیا ہے۔ ٹائی فیم انجکشن کی قیمت میں 368 فیصد تک اضافہ تجویز کیا گیا جس کے بعد انجکشن کی قیمت 687 سے بڑھ کر 3 ہزار 216 روپے ہو جائے گی۔ کلوروکوائن فاسفیٹ کی قیمت 206 فیصد اضافہ کے بعد 431 روپے سے بڑھ کر ایک ہزار 323 روپے ہو جائے گی جبکہ نیٹرازیکشن 213 فیصد اضافے کے بعد 665 سے بڑھ کر 2 ہزار 084 روپے ہو جائے گی۔ آنکھوں کے ڈراپس کی قیمت میں 177 فیصد بڑھانے کی سفارش کی گئی جس کے بعد آئی ڈراپ کی قیمت 26 سے 73 روپے ہو جائے گی، ہیومن کوریونک گوناڈوٹروفین کی قیمت ایک ہزار 225 روپے سے 2 ہزار 941 روپے تک ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ انسداد ٹی بی ادویات کی قیمت ایک ہزار 242 روپے سے بڑھ کر ایک ہزار 762 روپے کرنے کی سفارش کی گئی ہے جبکہ فینوفائبریٹ کی قیمت 212 فیصد اضافہ کے بعد 422 روپے ہو جائے گی۔ ایک اور خبر کے مطابق دوا ساز کمپنیوں نے ایک ہفتے بعد دواؤں کی پیداوار بند کرنے کا اعلان کر دیا۔ فارما سوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے رہنما قاضی منصور دلاور کے مطابق ڈالر مہنگا ہونے سے خام مال مہنگا ہو گیا ہے جبکہ بجلی اور گیس بھی مہنگی ہو چکی ہے، ایسے میں موجودہ قیمت پر دوا بنانا ممکن نہیں رہا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک ہفتے بعد ادویات کی پیداوار بند کر دیں گے، ڈالر کی قدر میں بے تحاشا اضافہ ادویات کی موجودہ قیمتوں پر پیداوار ممکن نہیں، مختلف کمپنیوں نے حکومت اور ڈریپ کو پیداوار بند کرنے کے نوٹس دینا شروع کر دیے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی، لاہور اور راولپنڈی کی 10 کمپنیاں پیداوار بند کرنے کے نوٹس دے چکیں، ایک ہفتے کے بعد ادویات کی پیداوار اور سپلائی کمپنیوں کیلئے ممکن نہیں رہے گی، خام مال، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، اگلے چند دنوں میں تمام دوا ساز کمپنیاں پیداوار بند کرنے کے نوٹس دیں گی۔ قاضی منصور دلاور کا کہنا تھا کہ حکومت اور ڈریپ کو ادویہ ساز کمپنیوں اور عوام کی مشکلات کا احساس نہیں۔ دوسری جانب ڈریپ حکام کا کہنا ہے کہ انہیں ابھی کسی دوا ساز کمپنی نے نہ نوٹس دیا ہے نہ ہی زبانی طور پر دوا سازی بند کرنے سے آگاہ کیا ہے۔

پیالی میں طوفان؟

ایک وقت تھا اپوزیشن۔۔ حکومت کے خلاف تحریک چلانے کا اعلان کرتی تو عوام میں ایک سنسنی اور برسر اقتدار سیاستدانوں میں سراسیمگی سی پھیل جاتی حکومت مخالف سیاسی رہنما جوڑ توڑ میں مصروف ہوتے تو کئی لوگوں کی نیندیں حرام ہونے میں دیر نہ لگتی، تھڑے، مارکیٹ، ہوٹل، چائے کی دکانیں، ہیر سیلون اور پن اپ حجام کے پھٹے بحث و مباحثہ کے مراکز سمجھے جاتے تھے جہاں لوگ اپنے پسندیدہ سیاستدانوں کے حق میں عجیب و غریب دلائل اور سیاسی مخالفین کیلئے نفرت کا برملا اظہار کرتے رہتے جلسے، جلوس عوام کا لہو گرمانے میں پیش پیش تھے۔ سیدھے سادھے لوگ اپنی رائے کا برملا اظہار کرتے اس دوران ہلکے پھلکے انداز میں نوک جھونک بھی ہوتی معمولی لڑائی جھگڑے بھی۔۔ لیکن یہ سب کچھ ہونے کے باوجود سیانے فریقین کو سمجھاتے تو وہ تھوڑی دیر بعد ہی شیرو شکر ہو جاتے آج کے دور کی طرح منافقت کم۔۔ کم ظرف لوگوں میں قوت برداشت بھی۔۔۔ سخت بات سن کر بھی مخالف کا مسکراتا چہرہ دیکھ کر دل محبت سے موم ہو جاتے۔ اب تو معمولی معمولی باتوں پر اسلحہ نکل آتا ہے چڑ۔۔۔ چڑ۔۔ ٹھاہ۔۔ ٹھاہ اور بات کیا بندہ ہی ختم۔۔۔ پاکستان میں حکومت مخالف دو احتجاجی تحریکوں اور ایک دھرنے۔۔۔ نے بہت نام کمایا ایک خان عبدالقیوم خان نے صدر ایوب خان کے خلاف 15 میل لمبا جلوس نکالا جس کا ریکارڈ۔ آج تک کوئی نہیں توڑ سکا۔۔۔ اسے صدر ایوب خان کے خلاف عوامی تحریک کا نقطۂ آغاز بھی کہا جا سکتا ہے۔۔۔ دوسرا ذوالفقار علی بھٹو کے خلاف احتجاجی تحریک جسے تحریک نظام مصطفیٰ ﷺ کا نام دیا گیا اس کے نتیجہ میں جنرل ضیاء الحق نے اقتدار پر قبضہ کر لیا۔ سابقہ صدر آصف علی زرداری کے دور حکومت میں شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری نے "سیاست نہیں ریاست بچاؤ" کے سلوگن کے تحت اسلام آباد میں ایک دھرنا دیا جس میں نوجوانوں کے ساتھ ساتھ خواتین، بچوں اور بوڑھوں کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔۔۔ شدید سردی، دھند اور بارش میں بھی ہزاروں افراد کا دلجمعی سے بیٹھے رہنا بلاشبہ پاکستانی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش باب ہے۔۔۔ تینوں احتجاجی تحریکوں سے عوام کا تو کچھ فائدہ نہیں ہوا نتائج کے اعتبار سے یہ ناکام ہو گئیں ویسے دیکھا جائے تو پاکستان کی سیاسی تاریخ کے ہر منظر نامہ میں اپوزیشن نے برسر اقتدار حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک چلانے کی کوشش ضرور کی جب تک نوابزادہ نصر اللہ خان حیات تھے انہوں نے چھوٹی پارٹیوں کو بھی بڑی جماعتوں کے شانہ بشانہ احتجاجی سیاست کی رونق بنائے رکھا جس سے ان کے گلشن کا بھی کاروبار چلتا رہا اور انہیں نو آموز اور نو مولود پر جوش کارکن میسر آتے رہے نوابزادہ نصر اللہ خان کے بعد کسی اور کو یہ "ہنر" نہ آیا بلکہ ان کے جانشین اپنے مرحوم والد کی سیاسی میراث کو ایک پارٹی میں مدغم کر کے سیاست سے ایسے "فارغ" ہوئے کہ اب کوئی انہیں پوچھتا بھی نہیں اور نصف صدی تک سیاسی تحریکوں کا مرکز و محور PDP کا دفتر آجکل لنڈا بازار بن گیا ہے یہ بھی ہو سکتا تھا نوابزادہ کے لواحقین یہ جگہ خرید کر ان کے نام پر وقف کر دیتے اور یوں ایک قومی وسیاسی یادگار کی حیثیت سے پہچانی جاتی یا حکومت اسے قومی یادگار قرار دے کر محفوظ کر لیتی۔۔۔ دراصل اہلیت نہ ہو تو بہانے بہت سوجھتے ہیں۔ چند سال پہلے JUI کے مولانا فضل الرحمن نے عمران خان کی حکومت کو ناجائز قرار دے کر اس کے خلاف علم بلند کیا جبکہ اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد PDM نے اسلام آباد میں لانگ مارچ کرنے اور حکومت کیخلاف احتجاجی دھرنے بھی دیئے جس سے ملکی سیاست میں ایک طلاطم تو آیا جسے عمران خان کے حامی پیالی میں طوفان سے تشبیہ دیتے رہے۔ پھر ایکا ایک وزیر اعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کر دی گئی میاں شہباز شریف، آصف زرداری اور مولانا فضل الرحمن کی کوششیں بار آور ثابت ہو گئیں اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار تحریک اعتماد کامیاب ہوئی اور عمران خان فارغ ہو گئے اب وہ پھر اپوزیشن میں ہیں اور وہ "پیالی میں طوفان" لانے کے متمنی ہیں تحریک انصاف کے رہنماؤں کا کہنا ہے جن کی سوچ بھی ایک دوسرے سے نہیں ملتی ماضی میں میاں نواز شریف ہوں یا پھر، آصف زرداری، مریم نواز اور یا مولانا فضل الرحمن یا شہباز شریف سب کے سب اپنے اپنے جلسوں میں ایک دوسرے کو چور، ڈاکو، لٹیرے اور نہ جانے کیا کیا قرار دے چکے ہیں۔ اب یہ سب کے سب عمران خان کے زبردست مخالف بلکہ جانی دشمن بنے ہوئے ہیں لیکن اپوزیشن ہو یا پھر PDM پر مشتمل سیاسی جماعتیں ان کی الگ الگ ترجیحات اور سیاسی معاملات جدا جدا ہیں جو ان کے سیاسی معاملات میں بڑی رکاوٹ ہیں اس میں کوئی شک نہیں سیاسی بے چینی، مہنگائی، بیروزگاری، لوڈشیڈنگ اور عروج پر ہے اس کے باوجود سیاسی ماحول گرم ہونے کی کوئی امید نظر نہیں آ رہی لوگوں کے پاس کھانے کو روٹی نہیں، روزگار نہیں، بجلی نہیں حالات نے غریبوں کو ادھ موا کر کے رکھ دیا ہے۔ حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک کیونکر کامیابی سے ہم کنار ہو گی ماضی میں چلنے والی حکومت مخالف تحریکیں نتائج کے اعتبار سے یہ ناکام ہو گئیں کہ عوام کو کسی بھی لحاظ سے ریلیف نہیں ملا صرف یہ ہوا ایک حکمران گیا اس کی جگہ نیا آ گیا نظام تبدیل ہوا نہ عوام کے حالات اور نہ ہی سسٹم میں کوئی بہتری ہی آ سکی۔ لیکن کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ عمران خان نے جو بویا وہی انہیں کاٹنا پڑ رہا ہے استاد قمر جلالوی نے شاید ایسے موقعہ کیلئے ہی کہا تھا اے موج بلا ذرا ان کو بھی دو چار تھپیڑے ہلکے سے کچھ لوگ ابھی تک ساحل پہ موجوں کا نظارہ کرتے ہیں۔

آئین پاکستان پچاس سال کا ہو گیا

نسیم شاہد

پی ٹی وی نے ملتان میں ایک پروگرام ریکارڈ کیا موضوع تھا "آئین پاکستان کے پچاس سال" اس موضوع پر پی ٹی وی پروگراموں کی ایک سیریز ریکارڈ کر رہا ہے جس میں مختلف پہلوؤں سے اس امر کا جائزہ لیا جائے گا کہ ان پچاس برسوں میں آئین نے کس طرح پاکستان کی رہنمائی کی اور کس طرح آئین کو رہنمائی سے روکا گیا، چونکہ معاملہ پی ٹی وی کا ہے جو ایک سرکاری چینل ہے اس لئے ممکن ہے کچھ ایسی باتیں آن ایئر نہ جا سکیں جو مزاج شاہاں پر ناگوار گزر سکتی ہوں، تاہم میرے ساتھ معروف کالم نگار خالد مسعود خان تھے جبکہ نظامت کے فرائض شاکر حسین شاکر نے ادا کئے۔ اس مذاکرے میں بہت سی باتیں ہوئیں اور آج کے حالات کا بھی تذکرہ ہوا کہ جب گولڈن جوبلی کے موقع پر آئین کو ایک تماشا بنا دیا گیا ہے۔ آئین میں واضح ہے کہ کسی اسمبلی کی تحلیل کے بعد 90 دنوں میں انتخابات کرائے جائیں گے، اتنی واضح شق کے باوجود اب ایسی موشگافیاں تلاش کر لی گئی ہیں، جن کو بنیاد بنا کر یہ الیکشن نہیں کرائے جا رہے۔ شاکر حسین شاکر نے اپنے تعارفی کلمات میں بتایا کہ آئین ساز اسمبلی 128 کے ایوان پر مشتمل تھی۔ صرف تین ارکان نے آئین کے حق میں ووٹ نہیں دیا تھا باقی سب نے اس کی متفقہ منظوری دی تھی۔ اس لئے اسے پاکستان کا متفقہ آئین قرار دیا جاتا ہے، اس آئین کی ایک اور خاص بات یہ ہے کہ اس کے بعد پاکستان کا نظام صدارتی سے پارلیمانی ہو گیا اور ذوالفقار علی بھٹو جو اس وقت صدر مملکت تھے، انہوں نے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ 1973ء کے آئین میں اب تک 22 ترامیم ہو چکی ہیں ترامیم ہونا کوئی معیوب بات نہیں تاہم خالد مسعود خان کا کہنا تھا کہ وہ ترامیم جو ارکان اسمبلی سے زبردستی کروائی گئیں اور انہوں نے صرف ہاتھ کھڑا کرنے کی حد تک ان میں حصہ لیا ان کی وجہ سے کئی تنازعات پیدا ہوئے۔

اس دوران صاحبزادہ فاروق علی خان کا بھی ذکر آیا، جو اس تاریخ ساز اسمبلی کے اسپیکر تھے، ان کا تعلق ملتان سے تھا اور وہ شعبہ وکالت سے تعلق رکھتے تھے۔ ذوالفقار علی بھٹو کے قریبی ساتھی شمار ہوتے تھے اور انہوں نے ملتان سے انتخابات میں حصہ لے کر نشست جیتی تھی۔ صاحبزادہ فاروق علی خان کا ذکر آیا تو میری یادوں کی پٹاری کھل گئی میری ان سے کئی ملاقاتیں تھیں۔ خاص طور پر جب وہ ضیاء الحق کے زمانے میں ملتان آ گئے تھے تو انہوں نے مجھے کئی بار مختلف اخبارات کے لئے انٹرویو دیئے۔ وہ جمہوریت کے داعی تھے اور اس بات پر فخر کرتے تھے کہ انہوں نے ایک ایسی اسمبلی کی سربراہی کی جس نے ملک کو متفقہ آئین دیا، انہوں نے کہا یہ ذوالفقار علی بھٹو تھا جسے مجھ پر اعتماد تھا کہ انہوں نے اسپیکر کے منصب پر میرا انتخاب کیا۔ وہ جنوبی پنجاب کو نمائندگی دینا چاہتے تھے اور بطور قانون دان مجھے اس کے لئے مناسب سمجھتے تھے۔ اس پروگرام میں اس بات پر بطور خاص اظہار خیال کیا گیا کہ پارلیمنٹ کو اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہئے۔ آئین کی تشریح کے لئے بار بار سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کی روایت کا خاتمہ ضروری ہے اگر آئین کی کچھ شقوں میں ابہام ہے تو انہیں دور کیا جانا چاہئے۔ مثلاً اس وقت یہ بات تو واضح ہے کہ آئین اسمبلی تحلیل کے بعد 90 دنوں میں انتخابات کا حکم دیتا ہے، لیکن یہ واضح نہیں کہ اگر اس پر عمل نہیں کیا جاتا تو اگلا لائحہ عمل کیا ہو گا۔ اس مقصد کیلئے سپریم کورٹ جانے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ پچھلے دس پندرہ برسوں میں ایسے آئین کے جو بھی خلاء سامنے آئے ہیں انہیں دور کرنے کے لئے پارلیمنٹ کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ یہاں ہوتا یہ ہے کہ کسی بھی معاملے پر جب گرہ پڑتی ہے تو اسے کھولنے کے لئے ہر کوئی اپنی اپنی تعبیر کرتا ہے اور اس پر بضد بھی رہتا ہے۔ جس سے مسائل جنم لیتے ہیں اور ملک میں بحرانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

1973ء کے آئین کی خوبی یہ ہے کہ آج ہم اس کی گولڈن جوبلی منا رہے ہیں پاکستان کے قیام کو 75 سال ہو گئے ہیں پہلے 25 سال کے عرصے میں تین آئین بنے اور انہیں بزور طاقت تبدیل کیا جاتا رہا۔ 1973ء کا آئین اس لئے سخت جان رہا کہ اس میں متفقہ رائے کی طاقت موجود ہے اور یہ اپنے اندر ملک کی چاروں اکائیوں کو متحد رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مارشل لاء آنے کے باوجود آمروں ضیاء الحق اور پرویز مشرف کو یہ جرأت نہیں ہو سکی کہ اسے ختم کر سکیں، انہوں نے کچھ عرصے کے لئے اس کی شقیں ضرور معطل کیں مگر پورے آئین کو کالعدم قرار نہیں دے سکے۔ فوجی آمروں کے اقدامات کو عدلیہ نے نظریۂ ضرورت کے تحت آئینی تحفظ دیا، جو نہیں دیا جانا چاہئے تھا۔ خیر یہ ایک علیحدہ بحث ہے اور ہماری تاریخ کا ایک بدنما باب ہے، تاہم اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ پاکستان کے موجودہ آئین نے ملک کو استحکام دیا ہے اور قومی یکجہتی کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کی ہے۔ آئین پاکستان میں تمام جزئیات کا خیال رکھا گیا ہے اسے بنانے والوں کی گہری نظر اور بصیرت کی داد دینی چاہئے کہ انہوں نے فرد سے لے کر مملکت تک کے حقوق و فرائض کا تعین کر دیا ہے، اگر کوئی صدق دل سے رہنمائی لینا چاہے تو اس آئین سے اسے رہنمائی مل سکتی ہے، مگر خرابی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب آئین کی شقوں کو توڑ مروڑ کر اپنے مطلب کے نتائج اخذ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ہمارا آئین تو لکھا ہوا ہے اور بالکل واضح ہے، برطانیہ میں تو لکھا ہوا آئین بھی موجود نہیں مگر اس کے باوجود وہاں کوئی ابہام ہے اور نہ ہی کسی کو یہ جرأت ہوتی ہے کہ اپنے مطلب کے معانی نکال سکے۔

آج ہم آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی منا رہے ہیں تو ہمارے اکابرین کو چاہئے کہ وہ اب مفاد پرستی سے ہٹ کر بالغ نظری سے قومی سوچ کا مظاہرہ کریں۔ آئین میں جو لکھ دیا گیا ہے اس پر من و عن عمل کریں چاہے اس کے نتیجے میں ان کا اپنا نقصان ہی کیوں نہ ہوتا ہو۔ آئین سے کھلواڑ نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ ایسی دستاویز ہے جس پر ملک کی عمارت کھڑی ہے، اس کی بنیاد میں اگر کمزور کی گئیں تو پھر سب کچھ منہدم ہو جائے گا، کچھ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ آئین کو نئے سرے سے بنانے کی ضرورت ہے، وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں۔ آئین روز روز نہیں بنتے۔ یہاں تو ایک چھوٹے سے معاملے پر اتفاق رائے نہیں ہوتا، آئین پر کیسے ہو گا۔ 1973ء کا آئین ہمارے لئے ایک مقدس امانت ہے جس کی حفاظت کرنا ہم سب کا فرض ہے پچاس سال بعد ہمیں یہ بات مضبوطی سے پلے باندھ لینی چاہئے۔

شیطان سے ملاقات۔

غلام دستگیر صابر۔

آج شیطان سے میری ملاقات ہوئی۔
شیطان سخت غصے میں تھا۔
میں نے پوچھا کیوں اتنے غصے میں ہو؟
شیطان غضب ناک آنکھوں سے مجھے دیکھتے ہوئے کہا اوئے پروفیسر، اتنا سادہ مت ہو۔
میں نے کہا یار شیطان ایکٹنگ مت کرو، بولو کیوں ناراض ہو؟ شیطان نے غصے سے کہا کہ رمضان المبارک کا مہینہ ہے میں قید ہوں مگر۔۔۔ شیطان نے بات مکمل کرنے سے ہی پہلے میرا بازو پکڑ کر کہا چلو۔
ہم دونوں گل خان نصیر روڈ پہنچے شیطان نے کہا پروفیسر یہ بینر دیکھو جس پر آپ کے ضلعی انتظامیہ نے لکھا ہے، رمضان سستا بازار، لیکن یہ تمہارے شہر کا سب سے مہنگا بازار ہے۔ تم لوگ خود کو مسلمان، تبلیغی نہ جانے کیا کیا سمجھتے ہو مگر رمضان میں تم لوگ اپنے بھائیوں کو بھی دھوکہ دیتے ہو، تھیلی اور پاؤڈر والے دودھ اور دہی بیچتے ہو، لوگوں کو دوگنی قیمت پر سبزی اور پھل بیچتے ہو، کونسا برا کام نہیں جسے تم رمضان میں نہیں کرتے؟
الٹا مجھ پر لعنت بھیجتے ہو؟ شیطان میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے گوشت مارکیٹ لے گیا اور کہا پروفیسر دیکھو، اس پر تمہارے اسسٹنٹ کمشنر نے ریٹ لکھا ہے۔ مگر قصائی رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بھی تمہارے اے۔سی کے حکم کا مذاق اڑاتے ہیں حتا کہ سری پائے چھ سو کے بجائے ایک ہزار میں فروخت کرتے ہیں، اور کہتے ہیں جاؤ اپنے ڈی سی، اے سی کو بولو جو کرنا ہے کرو، شیطان کا غصہ تھوڑا ٹھنڈا ہوا اور ہنس کر کہنے لگا، ہاہاہا تمہارا ڈی سی، اے سی، جس کو ایک قصاب بھی نہیں مانتا۔ شیطان کہنے لگا پروفیسر تم چائے پینے کے شوقین ہو نا؟
میں نے کہا جی۔ شیطان بولا پروفیسر تمہارے شہر میں ایک مہینے میں دو مرتبہ چائے کی قیمت بڑھی، سرکاری نرخ 35 روپے ہے مگر تمہارے بازار اور جدید ہوٹل والے ایک کپ چائے کو پچاس روپے سے 60 روپے میں فروخت کرتے ہیں نا؟
پروفیسر یاد ہے اس دن تم نے ہوٹل کے چھوٹو سے کہا کہ چائے دس روپے کپ کیوں مہنگا دیتے ہو، میں انتظامیہ سے شکایت کروں گا تو چھوٹو نے تمہیں کہا جاؤ اپنے ڈی سی، اے سی کو بولو جو کرنا ہے کرو، پروفیسر تم کتنے شرمندہ ہوئے، میں گھبرا کر شیطان سے پوچھا ارے خبیث تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ چھوٹو نے مجھے بے عزت کیا؟
شیطان قہقہہ لگایا اور بولا پروفیسر مجھے سب کچھ معلوم ہے اس لئے میرا نام شیطان ہے شیطان۔
پروفیسر تمہارے شہر میں چند دن پہلے ذخیرہ اندوزوں نے چینی ذخیرہ کیا راتوں رات سینکڑوں ٹرک افغانستان چینی سمگل کئے۔ اور تمہاری انتظامیہ اتنے نالائق ہیں کہ انہیں ایک قصائی اور ہوٹل کا چھوٹو بھی نہیں مانتا تمہارے بڑے بڑے آفیسران ایئر کنڈیشنڈ کمروں میں بیٹھ کر یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے سارے مسائل حل کئے ہیں۔
اچانک شیطان نے ادھر ادھر دیکھ کر آہستہ آہستہ کہا پروفیسر ایک بات کہوں؟
میں نے کہا جلدی بولو شیطان نے کہا یہ جو تمہارے آفیسران ہیں نا، یہ سارے سفارش پر تمہارے شہر میں تعینات ہوئے ہیں فلاں آفیسر فلاں لیڈر کا بھانجا ہے، فلاں آفیسر فلاں ایم۔پی اے کا بچا زاد ہے۔
میں نے غصے سے کہا شیطان تم قوم پرستوں پر الزام لگاتے ہو؟
تمہیں شرم نہیں آتی؟
شیطان غصے سے مجھے گھور کر کہا پروفیسر کو شرم تم لوگوں کو آنی چاہئے۔ مذہب اور قوم کے نام پر دھوکہ دیتے ہو۔
تمہیں یاد ہے پچھلی حکومت میں تمہاری مذہبی جماعت نے مہنگائی مارچ کے نام پر اسلام آباد میں دھرنا دیا؟
اب مہنگائی تین گنا زیادہ ہے۔ تم لوگ کیوں چپ ہو؟
اس لئے کہ اس پارٹی کو وزارتیں اور گورنری مل گئی؟
ابھی لوگ بھوک سے خودکشی کر رہے ہیں کہاں ہے مہنگائی مارچ؟
تمہارے قاضی آباد میں ایک گھر میں تین مہینے سے چولہا نہیں جلا۔ معصوم بچے اس مقدس مہینے میں خشک روٹی پانی میں بھگو کر کھاتے ہیں۔
کہاں ہے تمہاری مسلمانی؟
شرم سے ڈوب مرو تمہارے شہر کے ایک با ہمت ہندو نوجوان مہندر نے ہمت کی اور رمضان میں تمہارے بھوکے مسلمان بچوں کو کھانا کھلایا۔
کہاں ہیں تمہارے مہنگائی مارچ والے مسلمان؟
میں نے کہا شیطان میں نے تو قوم پرستوں کو ووٹ دیا۔
شیطان مجھے دوبارہ گھور کر کہنے لگا اب اندھے تم نے عینک کیوں لگائی ہے؟
میں نے کہا، بیوقوف شیطان یہ عینک صاف دیکھنے کے لئے ہے۔ شیطان یہ سن کر خوب قہقہہ لگایا اور کہا پروفیسر تمہاری عینک ہے پھر بھی تم اندھے ہو۔ میں نے کہا خبیث بکواس بند کرو، میں اندھا نہیں۔ شیطان نے کہا چلو ذرا پیچھے دیکھو۔
میں نے سڑک دیکھی تو شیطان نے کہا اندھے ہو نا؟
تم نے قوم پرستوں کو ووٹ دیا ہے؟
یہ سڑکیں دیکھو۔ تین دن پہلے تمہارے شہر میں پہلے سے بنی ہوئی اچھی سڑک پر کچھ کالے روڑے ڈال کر ان کے اوپر کالا موبل آئل چھڑکاؤ کر کے تمہارے صوبے کے کروڑوں روپے ایسے ہضم کر گئے جیسے ثابت مرغی کو پروں اور مردار انتڑیوں سمیت کوئی کھائے۔
پروفیسر تمہیں معلوم ہے کہ یہ کروڑوں کا کرپشن کس نے کیا؟
میں نے کہا نہیں۔ شیطان نے کہا ارے بدھو تمہارے جو بڑے بڑے قوم پرست ہیں نا، جو میر گل خان نصیر چوک پر گلے پھاڑ پھاڑ کر وطن دوستی اور قوم پرستی کے نعرے لگاتے ہیں۔ دوسروں کو کرپٹ کہتے ہیں۔ مقدس سرزمین بلوچستان کے نام پر سیاست کرتے ہیں۔
چند دن پہلے سڑکوں پر روڑے ڈال کر انہیں سیاہ کرنے والے یہی قوم پرست ہیں۔ شیطان نے مجھے رازداری سے کہا پروفیسر اس کرپشن اور ٹھیکے میں فلاں فلاں لوگ ملوث ہیں جو پارٹی کے مرکزی رہنما ہیں۔ اور بظاہر بڑے قوم پرست ہیں۔ شیطان نے کچھ ایسے قوم پرستوں کے نام لئے جنہیں سن کر میں بھی شرمندہ ہوا۔ شیطان مزید کچھ کہتا میں نے کہا ارے ابلیس شیطان میرا وقت ضائع مت کرو میں نماز پڑھنے جا رہا ہوں۔ شیطان زور سے ہنسا اور کہا واہ واہ کتنے اچھے مسلمان ہو۔ نماز پڑھتے ہو روزہ رکھتے ہو پھر بھی مذہب اور قوم کے نام پر لوگوں کو بیوقوف بناتے ہو تمہارے ڈی سی اور اے سی کو ایک ہوٹل کا چھوٹو اور قصاب بھی نہیں مانتا تمہارے مذہب پرست اس شدید ترین مہنگائی میں دو وزارتیں ملنے پر ایسے خاموش ہیں جیسے پیدائشی گونگے۔ اور تمہارے قوم پرست بڑے بڑے نعرے لگا کر تمہارے اپنے وسائل کو ایسے کھاتے ہیں جیسا کوئی مردار گدھے کو کھائے۔ تم سب جھوٹے ہو۔ رمضان کے مقدس مہینے میں بھی حرام کھاتے ہو، الٹا مجھ پر الزام لگاتے ہو، میں تو رمضان میں قید ہوں مگر بہت خوش ہوں کہ جو کام میں نہیں کر سکتا وہ تم لوگ کرتے ہو۔ نہ جانے شیطان مردود مزید کیا کیا انکشاف کرتا۔
میں نماز پڑھنے کے بہانے وہاں سے بھاگ نکلا۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

قاضی فائز عیسیٰ اور ان کے اہل خانہ کو ہراساں اور بدنام کیا گیا، یہ ریفرنس نہیں تھا، آئین اور قانون کی راہ پر چلنے والے ایک منصف مزاج جج کے خلاف ایک متعصب مزاج شخص عمران نیازی کی انتقامی کارروائی تھی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ عدلیہ کی آزادی پر شب خون اور اسے تقسیم کرنے کی مذموم سازش تھی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور اتحادی جماعتوں نے اپوزیشن کے دور میں بھی اس جھوٹے ریفرنس کی مذمت کی تھی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ عمران نیازی نے صدر کے آئینی منصب کا اس مجرمانہ فعل کے لئے ناجائز استعمال کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ صدر عارف علوی عدلیہ پر حملے کے جرم میں آلہ کار اور ایک جھوٹ کے حصہ دار ہے، پاکستان بار کونسل سمیت وکلا تنظیموں نے بھی اس کی مخالفت کی تھی، ان کی رائے کی قدر کرتے ہیں۔

شال بقیہ 2

کے ذمہ تقریباً 28 ارب روپے کے بقایاجات واجب الادا ہیں گزشتہ روز وفاقی حکومت کی جانب سے پاور تقسیم کرنے والی 10 کمپنیوں کو صوبوں کے اختیار میں دینے کا فیصلہ کیا گیا تھا وزارت توانائی کے مطابق گردشی قرضے پہلے ہی 2 کھرب 50 ارب روپے کو پہنچ چکے ہیں اور خدشہ ہے کہ بجلی کی چوری اور لائن لاسز کی وجہ سے جلد ہی اس کا حجم 3 کھرب روپے سے تجاوز کر جائے گا اور آئی ایم ایف کی دباؤ پر بجلی کی قیمتوں میں مزید اضافے کے باوجود بھی ان گردشی قرضوں میں اضافہ رکتا نظر نہیں آرہا۔ وزارت نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ترسیلی کمپنیوں کی جانب سے بلوں کی ریکوری ایک دیرینہ مسئلہ بن گیا ہے جس کے باعث گردشی قرضوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور موجودہ قانونی اور انتظامی ڈھانچے کو دیکھتے ہوئے اس میں صوبوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا جبکہ وفاق حکومت بجلی کی پیداوار اور ترسیل کی کمپنیوں کا اختیار اپنے پاس رکھے گی۔ بجلی چوری روکنے اور لوڈشیڈنگ کا شیڈول بھی صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہوگی۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے 60 فیصد خسارے والی کیسکو کو لینے سے انکار کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ بلوچستان پہلے ہی شدید مالی بحران کا سامنا کر رہا ہے جبکہ خسارے میں گری کیسکو کو لیکر حکومت بلوچستان مالی بحران کا مزید بوجھ برداشت نہیں کر سکتا۔

شال بقیہ 3

معلوم ہوا ہے کہ وفاقی حکومت نے گیس بجلی چوروں کیخلاف سخت اور فیصلہ کن کارروائی کا ارادہ کر لیا ہے اور اس ضمن میں کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی ذرائع کے مطابق گیس چوروں کیخلاف کارروائی میں سوئی گیس حکام کے ساتھ ایف آئی اے حکام بھی تعاون کریں گے انہیں بھی اس سلسلے میں خصوصی ٹاسک دیا گیا ہے ذرائع کے مطابق اس وقت صوبائی دارالحکومت سمیت صوبے بھر میں بڑے پیمانے پر گیس چوری کی جا رہی ہے ذرائع نے مزید بتایا کہ گیس کمپنی کو ریکوری کوئٹہ گردونواح سے ہوتی ہے اندرون صوبہ سے ریکوری نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ کوئٹہ کے اطراف کے علاقوں میں بھی میٹرز ریڈر جانے کتراتے ہیں ذرائع نے بتایا کہ نواحی علاقے تو کجا شہر کے وسطی اور پوش علاقوں کے صارفین نے بھی اپنے میٹرز بند کرا رکھیں ہیں جس کی وجہ سے گیس کمپنی کو سالانہ کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے سوئی گیس حکام نے اس سلسلے میں بتایا کہ گیس چوروں کیخلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے اور گیس چوروں کیخلاف سوئی گیس ایکٹ کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 4

ترین کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان اسمبلی میں وقفہ سوالات محرکین کی عدم موجودگی کے باعث موخر کر دیا گیا۔ اجلاس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن نصر اللہ خان زیرے نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہرگاہ کہ صوبے کے گیارہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیز بالخصوص یونیورسٹی آف بلوچستان، بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز، سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی سمیت دیگر یونیورسٹیز اپنی تاریخ کی بدترین مالی و انتظامیہ بحران سے دوچار ہیں جس کی وجہ سے یونیورسٹیز کے اساتذہ کرام، طلباء وطالبات اور ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی کی بناء سخت مشکلات کا سامنا ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ اب تک نہ تو وفاقی حکومت اور نہ ہی صوبائی حکومت نے اس بابت کوئی خاص اقدامات اٹھائے ہیں۔ لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ فوری طور پر وفاقی حکومت اور ایچ ای سی سے رجوع کرے کہ صوبے کے گیارہ پبلک یونیورسٹیوں کی مالی و انتظامی بحران کو ختم کرنے کے لئے ذیل جامع اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔ وفاقی حکومت یونیورسٹیز کے Recurring بجٹ اور ترقیاتی بجٹ کو دگنا کرے، ایچ ای سی کے بجٹ میں صوبے کا حصہ این ایف سی ایوارڈ کے مطابق کرے، صوبائی حکومت کو صوبے کی تمام سرکاری شعبے کی یونیورسٹیوں کے لئے مالی امدادی گرانٹ ان ایڈ کم از کم 10 ارب روپے تک کا اضافہ کر کے ہر سال اس میں 10 فیصد اضافہ کیا جائے۔

شال بقیہ 5

نے کہا کہ ابھی یہ معاملہ سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے کہ دو صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات پرانی مردم شماری پر ہونے چاہئیں یا نہیں اگر یہ انتخابات ہو جاتے ہیں تو اکتوبر میں عام انتخابات میں کیا صورتحال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے عالمی سطح پر کوئی وعدہ نہیں توڑا، تمام ادائیگیاں بروقت کی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق حکومت نے عالمی سطح پر معاہدہ توڑا جس کے نتائج بھگت رہے ہیں۔ چین کے بینکوں نے اپنا قرضہ رول اوور کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل کے باوجود زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہو رہا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 10 ارب ڈالر سے زائد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جون تک زرمبادلہ کے ذخائر 13 ارب ڈالر تک لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود میں کمی کیلئے کوشاں ہیں، معیشت پر سیاست نہیں ہونی چاہئے، یہ قوم کے مستقبل کا معاملہ ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ ملک میں مہنگائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی سمیت دیگر مسائل ایک دوسرے سے منسلک ہیں۔ گزشتہ 5 سال میں فراڈ پالیسیوں اور نااہلی کے باعث یہ معاشی صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی ایوان میں سٹیٹ بینک سے متعلق ترامیم کی گئی ہیں، مالیاتی پالیسی پر حکومت کا کوئی عمل دخل نہیں ہے۔

شال بقیہ 6

شیرانی، کوہلو اور بارکھان میں بھی بارش جاری رہی۔ کوہ سلیمان پہاڑی رینج میں موسلادھار بارش سے ندی نالوں میں طغیانی آگئی، درجن سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا جب کہ چھت گرنے سے 5 افراد زخمی ہوئے۔ اس کے علاوہ قلعہ عبداللہ میں ندی میں بہہ کر ایک شخص جاں بحق ہو گیا، ہرنائی اور کوئٹہ کا بھی زمینی رابطہ معطل ہو گیا، شمال مشرقی اور مغربی بلوچستان بدستور مغربی سسٹم کے زیر اثر ہے۔ لیویز

ذرائع کے مطابق چمن میں روغانی کے علاقے میں چھت گرنے سے دو افراد زخمی ہو گئے، قلعہ عبداللہ کی قندیل ندی میں ایک شخص ڈوب کر جاں بحق ہو گیا۔

شال بقیہ 7

دہشت گردوں نے علی الصبح صدر پولیس اسٹیشن پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کے ایک بیان میں کہا گیا کہ عسکریت پسندوں نے جدید اور بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا، تاہم پولیس چوکس تھی اور پولیس کی جوابی فائرنگ سے حملہ آوروں کو فرار ہونا پڑا۔ ترجمان نے بتایا کہ کہا کہ ڈی ایس پی لکی مروت اقبال مہمند کی قیادت میں ایک پولیس پارٹی تھانے جا رہی تھی کہ پیر والا موڑ کے قریب سڑک کنارے نصب بم پھٹ گیا، جس کے نتیجے میں ڈی ایس پی اقبال اور تین پولیس اہلکار موقع پر ہی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ حملہ آور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق اس سے قبل دہشت گردوں نے تھانہ صدر پر حملہ کیا تھا، پولیس سے فائرنگ کے تبادلے کے بعد دہشت گرد فرار ہو گئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق پولیس کی بھاری نفری پہنچ گئی اور علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق کالعدم تحریک طالبان پاکستان نے فوری طور پر ایک بیان میں حملے کی ذمہ داری قبول کر لی۔ بعد ازاں جاں بحق پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ پولیس لائن میں ادا کی گئی جس میں اعلیٰ پولیس افسران نے شرکت کی۔ دریں اثنا وزیر اعظم شہباز شریف نے لکی مروت میں پولیس تھانہ صدر پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ڈی ایس پی اقبال مہمند سمیت 4 جوانوں کی شہادت پر رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے جام شہادت نوش کرنے والے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز اقبال مہمند، سپاہی وقار، مرجان، کرامت کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعظم نے شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس دہشت گردی کے خلاف فرسٹ لائن آف ڈیفنس کا شاندار کردار ادا کر رہی ہے، تھانہ صدر پر دہشت گردوں کے حملے کا پولیس نے جرأت و بہادری سے مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے میں پاکستان کی بقا اور ترقی ہے، وزیر اعظم نے اے پی سی کے ڈرائیور سردار علی اور 6 زخمی پولیس اہلکاروں کی جلد صحت یابی کی دعا بھی کی۔ خیبر پختونخوا حکومت کو شہدا کے لیے پیکج اور زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 8

ہوگا، ڈائیلاگ ہی بہتر راستہ ہے لیکن اس کے لیے درست لائحہ عمل بنایا جائے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی آؤٹ آف کنٹرول نہیں ہوئی اور نہ ہی ہوگی، دہشت گردی موجود ہے، دہشت گرد اپنی کارروائیاں کر رہے ہیں، ان کے تدارک کیلئے ہماری افواج اور وزارت اپنا کام کر رہی ہے، دہشت گردی کو ملک سے ختم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک فریق دس سال سے اپنے مخالفین کو ختم کرنے کی کوشش کر رہا ہے، وہ شخص حکومت میں ہو یا اپوزیشن میں، مخالفین سے ہاتھ ملانے کو تیار نہیں، اگر الیکشن کی تاریخ دے دی جائے اور ہم الیکشن میں چلے جائیں، تو بیٹھ کر کیا بات کرنی ہے؟ بیٹھ کر بات پہلے ہوگی، عدالت عظمیٰ جو فیصلہ کرے گی اس کا احترام ہوگا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ساری باتوں کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کیا ہے، فیصلہ آئینی اور قانونی طور پر درست ہے، عمران خان نے اسمبلی اس لیے توڑی تاکہ وقت سے پہلے الیکشن ہوں، وہ چاہتے ہیں دو اسمبلیوں کا الیکشن الگ اور 2 کا الگ ہو۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کا یہ اقدام ملک کیلئے بہتر نہیں، اس سے ملک میں انارکی آئے گی، 8 اکتوبر کو جنرل الیکشن ہوں گے۔

شال بقیہ 9

بچاؤ کے نعرے لگاتے رہے، سینیٹ سیکیورٹی کو حکومتی اور اپوزیشن ممبران کے درمیان حصار بنانا پڑا جبکہ اپوزیشن نے کہا ہے کہ یہ مفادات کا بل ہے، اس پر اصلاحات کا کور چڑھا کر خوش نما بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، سپریم کورٹ کے رولز بنانا بالواسطہ حملہ ہے، ایسے قانون پاس کر کے تو 15 دن میں کالعدم ہو جائیگا۔ جمعرات کو چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل ایوان میں پیش کرنے کی تحریک جمع کرائی۔ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل قائمہ کمیٹی کے سپرد کرنے کی اپوزیشن کی تحریک مسترد کر دی گئی اور بل فوری طور پر منظور کرنے کی تحریک منظور کر لی گئی۔ اس دوران اپوزیشن ارکان کی جانب سے سینیٹ میں شدید احتجاج کیا گیا، اپوزیشن کے سینیٹرز نے چیئرمین سینیٹ کی ڈائس کا گھیراؤ کرتے ہوئے عدلیہ پر حملہ نامنظور، الیکشن کراؤ ملک بچاؤ کے نعرے لگائے اور بل کی کاپیاں پھاڑ دیں۔ اس دوران سینیٹ سکیورٹی نے حکومتی اور اپوزیشن ممبرز کے درمیان حصار بنا لیا جس کے بعد سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر منظوری کے لیے پیش کیا گیا۔ بل کو کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا، بل کے حق میں 60 اور مخالفت میں 19 ووٹ آئے۔ اپوزیشن نشستوں پر موجود فاٹا اور بلوچستان عوامی پارٹی سے تعلق رکھنے والے سینیٹرز نے بھی بل کی حمایت میں ووٹ دیا۔ بل کے تحت چیف جسٹس کا از خود نوٹس کا اختیار محدود ہوگا، بینچوں کی تشکیل اور از خود نوٹس کا فیصلہ ایک کمیٹی کرے گی جس میں چیف جسٹس اور دو سینئر ترین ججز ہوں گے، نئی قانون سازی کے تحت نواز شریف، کو از خود نوٹس پر ملی سزا پر اپیل کا حق مل گیا، یوسف رضا گیلانی، جہانگیر ترین اور دیگر فریق بھی فیصلوں کو چیلنج کر سکیں گے۔ اجلاس کے دوران اعظم نذیر تارڑ نے بل کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ پارلیمان آئین کے آرٹیکل 191 کے تحت قانون سازی کر سکتی ہے۔

شال بقیہ 10

مطابق وزیر اعظم نے جام شہادت نوش کرنے والے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز اقبال مہمند، سپاہی وقار، مرجان، کرامت کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعظم نے شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا بھی اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پولیس دہشت گردی کے خلاف فرسٹ لائن آف ڈیفنس کا شاندار کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تھانہ صدر پر دہشت گردوں کے حملے کا پولیس نے جرات و بہادری سے مقابلہ کیا۔ دہشت گردی کے خاتمے میں پاکستان کی بقا اور ترقی ہے۔ وزیر اعظم نے اے پی سی کے ڈرائیور سردار علی اور 6 زخمی پولیس اہلکاروں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ وزیر اعظم نے خیبر پختونخوا حکومت کو شہدا کے لئے پیکج اور زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 11

روکنے میں پنشن کا حصہ ادا کرنے کا حکم دیدیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سماعت میں یونیورسٹی نے پروفیسر کے دعوے کو تسلیم کیا اور ازالے کا یقین دلایا، صدر مملکت نے کہا کہ قانون سے ہٹ کر پنشن کے حق سے محرومی یا تاخیر کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ پنشن محنت سے کمایا جانے والا حق ہے جو ملازم کو حاصل ہوتا ہے۔ صدر مملکت نے فیصلے میں سپریم کورٹ کے 2013 کے فیصلے کا بھی حوالہ بھی دیا۔ فیصلے میں سرکاری محکموں اور افسران کو پنشنری/ریٹائرمنٹ فوائد کو حتمی شکل دینے میں غیر ضروری تاخیر پیدا نہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ فیصلے میں کہا گیا تھا کہ کوئی بھی خلاف ورزی مجرمانہ غفلت اور فرائض سے غفلت کے مترادف ہوگی۔ فیصلے میں کہا گیا تھا کہ پنشن معاملات میں تاخیر عدالتی نوٹس میں آنے پر متعلقہ محکمے کے سربراہ کو توہین عدالت کا ذمہ دار ٹھہرایا جائیگا۔ صدر مملکت نے کہا کہ یونیورسٹی کے پاس پیچھے ہٹنے کا کوئی قانونی یا اخلاقی جواز نہیں، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد محتسب کے فیصلے کی تعمیل کرے۔ پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی میں 14 سال بطور فیکلٹی ممبر خدمات انجام دے چکے تھے، پروفیسر چشتی نے قانون اور قاعدے کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ملازمت اختیار کی۔ 2020ء میں علامہ اقبال یونیورسٹی سے ریٹائرمنٹ پر سابقہ یونیورسٹی سے پنشن شیئر کی منتقلی کی درخواست کی۔ یونیورسٹی کی جانب سے پروفیسر کے حق میں خط جاری ہونے کے باوجود پنشن منتقل نہیں کی گئی۔ انصاف کیلئے پروفیسر نے وفاقی محتسب سے رجوع کیا جس نے پروفیسر کے حق میں فیصلہ دیا۔ یونیورسٹی نے احکامات کے خلاف صدر کو درخواست دائر کر دی، جسے مسترد کر دیا گیا۔ صدر مملکت نے سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں پنشن ادا کرنے کی ہدایت دی ہے۔

شال بقیہ 12

کی کوئی قلت نہیں، کینو، آم اور دیگر پھل اور سبزیاں برآمد کی جاتی ہیں، زرعی مصنوعات درآمد کی جاتی ہیں، ان کی برآمدات میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرط ہے کہ صنعتی برآمدی شعبہ پر سبسڈی نہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کساد بازاری آئی ہے، بجلی اور قیمتوں میں رعایت واپس لینا پڑی ہے جس سے برآمدات متاثر ہوئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ برآمدی صنعت زرمبادلہ کے حصول میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، اس صنعت سے وابستہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

شال بقیہ 13

کے ذخائر صرف 4 ہفتوں کی درآمدات کے لیے کافی رہ گئے ہیں اور آئی ایم ایف سے قرض کے اجرا کے لیے مذاکرات تعطل کا شکار ہیں۔ عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا کہ اس درخواست پر پیش رفت جاری ہے، رسمی دستاویزات تیار کی جا رہی ہیں، مزید تفصیلات بتائے بغیر انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے باضابطہ اعلان کیا جائے گا، خیال رہے کہ مذکورہ قرض 23 مارچ کو ادا کیا جانا تھا، ایسے وقت میں جب پاکستان ڈیفالٹ سے بچنے کے لیے جدوجہد کر رہا ہے، اب تک واحد مدد اس کے دیرینہ اتحادی چین کی جانب سے ہی آئی ہے جس نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں پہلے سے ہی جمع کرائے گئے ایک ارب 80 کروڑ ڈالر کی ری فنانسنگ کی ہے۔ پاکستان کیلئے دیگر مالیاتی ذرائع کا سلسلہ بحال کرنے کیلئے آئی ایم ایف کی جانب سے قرض کا اجرا انتہائی اہم ہے، دونوں فریقین رواں برس فروری کے اوائل سے ہی ایک ارب 10 ڈالر قرض کے اجراء کے لیے بات چیت کر رہے ہیں جو کہ 2019 میں ساڑھے 6 ارب ڈالر کے بیل آؤٹ کا حصہ ہیں۔ اس قسط کے اجرا کیلئے آئی ایم ایف کی اہم شرائط میں سے ایک پاکستان سے قرض کی ادائیگی کیلئے بیرونی فنانسنگ کی یقین دہانی حاصل کرنا ہے۔ دریں اثنا حکومت نے گزشتہ روز کہا تھا کہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی جانب سے بیرونی فنانسنگ میں پیش رفت ہوئی ہے۔ یہ بیان وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا کی جانب سے پارلیمانی پینل کے سامنے دیا گیا جس میں اسلام آباد میں متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم سلیم الزابی نے وزیر خزانہ اسحٰق ڈار سے ملاقات کی اور پاکستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے میں متحدہ عرب امارات کی دلچسپی کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 14

خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے صوبوں کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور عوام کا عوام سے رابطوں کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 15

سے جاپانی کمپنی کے نمائندے نے ٹوکیو میں سفیر پاکستان کو یہ پیشکش کی ہے، یہ ملاقات جاپان میں مقیم معروف پاکستانی کاروباری شخصیت اور پاک جاپان بزنس کونسل کے صدر رانا عابد حسین کے توسط سے ہوئی جس میں جاپانی کمپنی کے نمائندے نے جاپان میں پاکستانی سفیر کو تیل اور ایل این جی کے حوالے سے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ جاپانی نمائندے نے بتایا کہ ان کی جاپانی کمپنی اور آئرلینڈ کی شراکت دار کمپنی کے پاس روسی تیل اور نائجیریا کی ایل این جی فروخت کرنے کا لائسنس ہے اور اگر حکومت پاکستان تیل و گیس کی خریداری میں دلچسپی رکھتی ہے تو جاپانی کمپنی عالمی مارکیٹ سے 34 فیصد کم میں یہ دونوں اشیا پاکستان کو فروخت کر سکتی ہے۔ اس موقع پر پاکستانی سفیر رضا بشیر تارڑ نے کہا کہ پاکستان عالمی قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے اس پیشکش پر غور کر سکتا ہے جس کے لیے اس پیشکش کی تمام جزیات کے ساتھ ہم حکومت پاکستان کے متعلقہ محکموں کو آگاہ کریں گے اور اگر اسلام آباد سے جواب موصول ہوا تو جاپانی کمپنی کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

شال بقیہ 16

بات ہے تاہم عدلیہ میں اختلاف رائے اچھا نہیں ہے۔

شال بقیہ 17

قانونی حیثیت دینے کیلئے آرٹیکل 51 میں ترمیم کر کے ایک وقت کیلئے پروویژنل مردم شماری کرانے کی اجازت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے 23-2022 کے مالی سال میں مردم شماری کیلئے 35 ارب روپے مختص کئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں پہلی بار ڈیجیٹل مردم شماری ہو رہی ہے۔ یکم مارچ سے مردم شماری جاری ہے جو کہ 30 اپریل تک مکمل ہونی ہے۔ مردم شماری کے تحت آئندہ انتخابات آئینی معاملہ ہے اگر حتمی مردم شماری ہوگی تو انتخابات نئی حلقہ بندیوں کے تحت ہوں گے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور سید فیصل سبزواری نے کہا کہ پاکستان میں 2017 کے بعد 2023 میں مردم شماری اس لئے ہو رہی ہے کہ کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں اور بلوچستان میں مردم شماری پر تحفظات تھے اس لئے یہ مردم شماری ہو رہی ہے، آبادی کی بنیاد پر وسائل اور قومی و صوبائی اسمبلیوں کی نشستیں تقسیم کی جاتی ہیں۔ اس معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے۔

شال بقیہ 18

تحریک انصاف کے کارکنان اور قیادت کے خلاف غیر قانونی کریک ڈاؤن جاری ہے، دہشت گردی کے مقدمات درج کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج ہمارا آئینی حق ہے، تحریک انصاف کے لوگ محب وطن پاکستانی اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے کارکنان کو دہشت گرد کہنا سمجھ سے بالاتر ہے۔

انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی جماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام صوبوں سے نمائندگی اور اس میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لیڈرشپ اور کارکنان کے خلاف ایف آئی آرز اور غیر قانونی چھاپوں کے خلاف آج عدالت سے رجوع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان میں چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کا عدالتوں پر حملہ ان کا وطیرہ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ عدلیہ کے خلاف مہم شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار میں رہنے کے لیے مسلم لیگ ن نے ہمیشہ عدلیہ پر حملے کیے ہیں، ہمارا پرامن مطالبہ ہے کہ ملک میں تازہ انتخابات کروائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آئینی طور پر 90 دن میں انتخابات کروانا ضروری ہے۔

شال بقیہ 19

خیر مقدم کرتا ہے، جو ترقی پذیر ممالک کو معیشت میں خلا کو پر کرنے کے لیے انتہائی اہم سرمایہ کاری فراہم کرتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مثال کے طور پر جب پاکستان میں صرف 16 سے 18 گھنٹے تک بجلی میسر تھی تب چین نے بی آر آئی کے تحت اپنی کمپنیوں کو توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کرنے کی اجازت دی جب کوئی اور غیر ملکی سرمایہ کار نہیں آ رہے تھے۔ گوادر پرو کے مطابق احسن اقبال نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران، چین نے اپنے کامیاب ترقیاتی تصورات، ماڈلز، سڑکوں اور منصوبوں کو فعال طور پر شیئر کیا ہے، جو ترقی پذیر ممالک کے لیے ایک وسیع تعاون کا پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں اور بنی نوع انسان کے مشترکہ مستقبل کے ساتھ ایک کمیونٹی کی تعمیر کو فروغ دینے میں مدد کرتے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق جہاں تک مستقبل کا تعلق ہے، احسن اقبال کا خیال ہے کہ دنیا کی انڈسٹری 0.4 اور ڈیجیٹلائزیشن کے عمل سے گزر رہی ہے۔ اگر ڈیجیٹلائزیشن کو نہیں پکڑا گیا تو امیر اور غریب کے درمیان خلیج بڑھے گی۔ بی آر آئی میں ہائی ٹیک کمپنیوں اور مواصلاتی کمپنیوں نے پاکستان کی ڈیجیٹل ترقی کو فروغ دیا ہے، جس سے ٹیکنالوجی کو تعلیم کو بڑھانے اور زندگی کو آسان بنانے کے قابل بنایا گیا ہے۔ اس طرح کے منصوبے دوسرے خطوں کے لیے سبق فراہم کر سکتے ہیں کیونکہ وہ ڈیجیٹل لہر کو پکڑتے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق 100 لوگوں میں سے، 94 لوگ جسمانی طور پر جڑ سکتے ہیں، لیکن صرف 54 لوگ انٹرنیٹ سے منسلک ہو سکتے ہیں۔ احسن اقبال نے امید ظاہر کی کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی حاصل کرنے کے امکانات فراہم کرنے کے لیے بی آر آئی پاکستان کو مزید ہائی ٹیک اور کمیونیکیشن کمپنیاں متعارف کرانے میں مدد کرے گا۔ گوادر پرو کے مطابق بوآؤ فورم فار ایشیا (بی ایف اے) کی سالانہ کانفرنس 2023، بوآؤ، ہینان میں 28 سے 31 مارچ تک غیر یقینی دنیا: چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اتحاد اور تعاون کے عنوان سے منعقد ہوئی۔

شال بقیہ 20

ضروریات کے پیش نظر پلانٹ کو عید کے فوری بعد آپریشنل کیا جائے۔ کائرہ نے کہا کہ ایل پی جی پلانٹ کے آپریشنل ہونے سے گلگت کے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولت میسر ہوگی۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ ایل پی جی پلانٹ گلگت بلتستان میں جنگلات اور ماحول کے تحفظ کے لیے بھی اہم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر گلگت بلتستان کے عوام کی خدمت کی ہے۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ گلگت بلتستان کے بجٹ، گندم فراہمی اور باؤنڈری جیسے ایشو پر ہمیشہ وزارت نے گلگت بلتستان کی معاونت کی ہے۔ سوئی گیس حکام نے کہا کہ ایل پی جی پلانٹ مکمل ہے اور کنزیومر سنٹر قائم کر دیا گیا ہے، ایل پی جی پلانٹ سے گلگت بلتستان کے 14 ہزار گھریلو صارفین مستفید ہوں گے۔ مشیر وزیر اعظم نے کہا کہ آئندہ موسم سرما سے پہلے اس منصوبے سے متعلق تمام کام مکمل کر کے 14 ہزار صارفین کو گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

شال بقیہ 21

سینیٹ نے کہا کہ دہشت گرد ترقی کے عمل کو روکنا چاہتے ہیں جس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ خطے کے امن کی بقا کیلئے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کے لیے دہشت گردی کے خلاف ہمیشہ آواز اٹھاتا رہے گا۔ ایسے بزدلانہ حملے ملک میں امن وامان کی صورتحال کو سبوتاژ نہیں کر سکتے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سینیٹر مرزا محمد آفریدی، قائد ایوان سینیٹ سینیٹر اسحاق ڈار، قائد حزب اختلاف سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے بھی دہشت گردی کے واقعے کی شدید مذمت کی ہے۔

شال بقیہ 22

قانون سازی کو مثبت اور وقت کی ضرورت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون سازی پارلیمان کا حق اور ذمہ داری ہے، صدر عارف علوی کا بل پر مشروط دستخط کرنے کا بیان افسوسناک ہے، صدر ابھی بھی تحریک انصاف کے کارکن بن کر پارٹی پالیسی کا دفاع کرنے لگ جاتے ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ بل قواعد وضوابط اور آئینی طریقہ کار کے مطابق پاس کیا گیا ہے، تحریک انصاف کی حکومت کی طرح بل کو پارلیمانی قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کر کے بلڈوز نہیں کیا گیا، ہم آئین اور 18 ویں ترمیم پاس کرنے والی جماعت ہیں، صدر عارف علوی اور تحریک انصاف کے رہنما ہمیں قانون سازی اور مشاورت کا طریقہ کار نہ سکھائیں۔

شال بقیہ 23

بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 5 ہزار 520 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 115 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اس طرح مثبت کیسز کی شرح 08.2 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا، 22 کی حالت تشویشناک ہے۔ ملک کے مختلف شہروں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کیے گئے کورونا ٹیسٹ اور مثبت کیسز کے حوالے سے لاہور میں 623 افراد میں سے 25 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 01.4 فیصد رہی، اسی طرح اسلام آباد میں 387 میں سے 15 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور شرح 88.3 فیصد رہی، کراچی میں 456 میں سے 35 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر شرح 68.7 فیصد رہی جبکہ مردان میں 133 میں سے 3 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 26.2 فیصد رہی۔

شال بقیہ 24

سیکرٹریٹ پر بلا بولنا چاہتے ہیں۔ عثمان ڈار نے کہا کہ عمران خان کی وجہ سے ان کی سیاسی دکانداری ختم ہونے جا رہی ہے، جنہیں پی ٹی آئی ٹکٹ دینا چاہتی ہے، ان پر مقدمات بنانے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ وزیر داخلہ اور وزیر دفاع دونوں بزدل ہیں۔ عثمان ڈار نے کہا کہ ہم اپنے اوپر لگنے والے الزامات کا ہر جگہ دفاع کریں گے۔

شال بقیہ 25

کرو درختے کے عمر ریس چل سکتے، اب چپ کر کے بیٹھ جاؤ!

شال بقیہ 26

پنجاب اور سندھ کے تمام متاثرہ علاقوں میں تقسیم عمل کر لی۔ جس کے ساتھ تقسیم شدہ کٹس کی مجموعی تعداد 000,50 گئی ہیں جبکہ اس ریلیف پیکیج سے 000,350 افراد مستفید ہوئے۔ ہر NFIs کٹ میں 2 کمبل، پلاسٹک میٹ کے ساتھ ایک شیلٹر کٹ، جیری کین کے ساتھ کچن سیٹ اور اینٹی بائیوٹک صابن شامل ہیں۔ یہ ریلیف پیکیج این ڈی ایم اے، صوبائی حکومت کی مدد سے شفاف طریقے سے تقسیم کیا گیا۔

شال بقیہ 27

کارروائی چار ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی جی پولیس غلام اظفر مہیسر، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) زوہیب محسن کی ہدایت پر کوئٹہ کے علاقے سٹلائٹ ٹاؤن میں پولیس نے گاڑی چوری کرنے کے مقدمے میں مطلوب ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اعجاز کو زخمی حالت میں جبکہ دیگر تین محمد قاسم، اختر محمد اور ظفر احمد کو بھی گرفتار کر کے اسلحہ ومسروقہ گاڑی برآمد کر لی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 28

مطابق سنجاوی کے علاقے تلی مرغی میں مکان کی چھت گرنے سے فیض اللہ ولد ملا نور محمد خروٹی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

شال بقیہ 29

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین اصغر علی ترین نے گورنر بلوچستان کا حکم نامہ پڑھ کر سنایا اور اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی کر دیا۔

شال بقیہ 30

مطابق گزشتہ روز گڈانی شپ یارڈ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی لاش ہسپتال منتقل کر دی گئی لاش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 31

سے منظوری دیدی۔ جمعرات کو سینیٹ میں وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین نے انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن بل 2023 قومی اسمبلی سے منظور کردہ صورت میں سینیٹ میں پیش کرنے کی تحریک پیش کی۔ بعد ازاں چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے بل پر شق وار رائے شماری کرائی۔ اراکین نے کثرت رائے سے بل کی منظوری دیدی جبکہ اپوزیشن نے اس موقع پر شور شرابہ جاری رکھا۔

شال بقیہ 32

ولی عہد کے طور پر تقرری پر انہیں مبارکباد دی ہے۔ جمعرات کو اپنے ٹوئٹ میں وزیر اعظم نے شیخ خالد بن محمد بن زید النہیان کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایک برادر ملک کے طور پر ہم اپنی مضبوط شراکت داری کو جاری رکھنے اور اپنے عوام اور خطے کے روشن مستقبل کیلئے مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔

شال بقیہ 33

جس میں کہا گیا ہے کہ کوئی نجی سیکیورٹی کمپنی کا گارڈ پولیس کو نہیں روکے گا۔ جمعرات کو حکم نامے میں کہا گیا کہ کسی بھی نجی سیکیورٹی کمپنی کا گارڈ پولیس کے معاملات میں مداخلت نہیں کرے گا۔ وزارت داخلہ نے کہا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والی سیکیورٹی کمپنی کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ نجی سیکیورٹی کمپنیوں میں پولیس کو تفتیش کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ وزارت داخلہ کے حکم نامے کی کاپیاں صوبائی آئی جیز، چیف سیکرٹریز کو موصول ہو گئیں۔

شال بقیہ 34

کورٹ آف پاکستان کے جج کے برابر کر دیے گئے اس حوالے سے وزارت قانون و انصاف نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق چیئرمین نیب کی ملازمت کی شرائط سپریم کورٹ کے جج کے برابر ہوں گی۔ اس ضمن میں وزارت قانون و انصاف نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے چیئرمین نیب کی ملازمت کی شرائط کی منظوری دے دی ہے۔

شال بقیہ 35

انہوں نے کہا کہ آئین کی تشریح کرنا ہو تو کم از کم 5 جج صاحبان کا بینچ ہوگا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئین کا 10 اے 18 ویں ترمیم کے ذریعے متعارف کروایا گیا اور یہ اس وقت کی پارلیمان کے حوالے سے سنہرے حروف سے لکھا جائے گا، یہ شق شفاف ٹرائل یقینی بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے شریعت اپیلٹ بینچ نے فیصلہ دیا کہ دین اور شریعت کہتی ہے کہ آپ کے خلاف کوئی فیصلہ ہو تو اس کے خلاف اپیل کریں۔

شال بقیہ 36

ہیں معمولی نوعیت کی وجہ سے بند بجلی گھروں کو مرحلہ وار فعال کرنے کا سلسلہ جاری ہے جبکہ بجلی کی چوری پر قابو پانے کے لئے مرحلہ وار ڈیجیٹل میٹر نصب کئے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ میری پوری کوشش ہے کہ بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم سے کم کیا جائے زمینداروں کو بلا تعطل بجلی کی فراہمی کے لئے بھی اقدامات کئے جا رہے ہیں اسی سلسلے میں ایران کے ساتھ معاہدہ بھی کیا گیا ہے جسکے تحت گوادر پسنی جیوانی اور اورماڑہ کو 100 میگاواٹ مزید بجلی فراہمی شروع کر دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں توانائی کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لئے سولر اور ونڈ انرجی سورس کی طرف دیکھنا ہوگا کیونکہ ہمارے میدانی علاقے شدید دھوپ اور پہاڑی علاقوں میں تیز ہوائیں چلتی ہیں جس سے ہم بجلی حاصل کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 37

نے رمضان سستا بازاروں میں قائم اسٹالز کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے وہاں پر موجود اشیاء خوردونوش کی قیمتوں اور معیار کے بارے میں آگہی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کے احکامات پر شہر میں مختلف علاقوں میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سستا بازاروں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں انتظامات کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنرز کر رہے ہیں۔ جبکہ از خود ان انتظامات کو روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لے رہے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان سستا بازاروں میں گوشت، دودھ سبزی و فروٹ و دیگر اشیاء بازار سے بارعایت قیمت میں مل رہی ہیں جس سے عوام کو خاطر خواہ ریلیف ملے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ سستا بازاروں میں اشیاء خوردونوش کی فراہمی اور دستیابی کو ہر صورت ممکن بنایا جائے تاکہ عوام کو اشیاء خوردونوش کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اس موقع پر انہوں نے سستے بازاروں میں خریداری کے لئے آنے والے افراد سے بھی وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات اور قیمتوں کے بارے سے معلوم حاصل کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ رمضان بازاروں میں تمام اشیائے خوردونوش کی وافر مقدار میں موجودگی کو یقینی بنائے جائیں۔

شال بقیہ 38

کہا کہ دنیا میں کساد بازاری آئی ہے، بجلی اور قیمتوں میں رعایت واپس لینا پڑی ہے جس سے برآمدات متاثر ہوئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ برآمدی صنعت زرمبادلہ کے حصول میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، اس صنعت سے وابستہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

شال بقیہ 39

کی انجام دہی کا سلسلہ جاری رکھا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ اسکے پاداش میں بلوچستان کے درجنوں صحافیوں نے سچائی کی علم کو بلند رکھتے ہوئے ظلم و جبر خوف و ہراس اور قتل و غارت گری کا سامنا کرتے ہوئے اپنے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے سے بھی دریغ نہیں کیا بلوچستان پریس کلب کو نو منتخب کابینہ صحافی برادری کے توقعات ارمانوں اور احساسات پر پورا اترنے کے ساتھ ساتھ صوبے میں مثبت اور بامقصد صحافت کے فروغ کیلئے کلیدی کردار ادا کریگے انہوں نے بلوچستان نیشنل پارٹی کی جانب سے پیشہ ورانہ فرائض کی بطریق احسن ادائیگی میں پوری صحافی برادری کو بھر پور تعاون کا یقین دلایا کہ بی این پی آزادی اظہار رائے پر مکمل یقین رکھتی ہے میڈیا معاشرے کا چوتھا ستون ہے جو معاشرے کے اصل اور حقیقی مسائل کو اجاگر کرتے ہیں۔

شال بقیہ 40

ساتھ کرائیگے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی ہر بات نہیں مان سکتے ہم ملک میں قانون و آئین کے تحت چلنے پر یقین رکھتے ہیں عمران خان ملک میں قانون و آئین کی پاسداری کا سبق ہمیں دینے کے بجائے خود کو قانون کے حوالے کریں وفاقی حکومت ان سے کسی صورت خائف نہیں ملک میں اہم ترین قانون سازی ہو رہی ہے جس سے پارلیمنٹ مضبوط ہوگا انہوں نے کہا کہ زمان پارک لاہور کے گھر میں اکیلے کارکن پناہ گزین کی شکل میں عمران خان اپنی گرفتاری کے ذریعے اپنے کارکنوں کو ڈھال بنا کر استعمال کر رہے ہیں دراصل عمران خان ملک میں خون خرابہ اور لاہور اور ملک کو آگ میں دھکیلنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ اپنے آپکو عقل کل سمجھ کر ملک کو سیاسی اور معاشی بحران کے طرف دھکیل رہے ہیں۔

شال بقیہ 41

آبادی کو کم شو کرنے کا قوی اندیشہ ہے، اب تک صوبائی دارالحکومت اور گردونواح میں شماری کا عمل مکمل نہیں ہے، ادارہ شماریات انسانی و آئینی حقوق کا خیال رکھتے ہوئے کوئٹہ کے عوام کے ساتھ ناانصافی نہ ہونے دیں، کوئٹہ کی آبادی 30 لاکھ تک پہنچ چکی ہے مگر وسائل اور سہولیات کم آبادی کے حساب سے فراہم کیئے جا رہے ہیں، جو کہ آئین و قانون کی خلاف ورزی ہے، انہوں نے کہا مردم شماری کا عمل بھی انتہائی سست روی کا شکار ہے، تاحال زیادہ تر سرکلز اور بلاک کا شمار نہیں ہوا ہے، حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے مردم شماری میں مزید توسیع کی جائے انہوں نے کہا کہ مردم شماری کوئٹہ سمیت بلوچستان کی ترقی کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے بدقسمتی سے حکومت اور متعلقہ اداروں کی غیر سنجیدگی اور غفلت کیباعث خدشہ ہے کہ کوئٹہ کے عوام کے ساتھ ایک بار پھر ناانصافی کا شکار بنایا جائے، جس کی جمعیت علما اسلام سمیت کوئی عوام دوست سیاسی وجمہوری جماعت اجازت نہیں دے گی۔

شال بقیہ 42

کو چند ہی گھنٹوں میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے برآمد کر لیا جبکہ چوری میں ملوث گینگ کے چار ملزمان میں سے ایک ملزم (1) اعجاز زخمی حالت میں اور 2 محمد قاسم عرف بلال 3 اختر محمد عرف تائی 4 ظفر احمد کو صحت درست حالت میں گرفتار کر لیا جن سے اسلحہ بھی برآمد اور مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 43

اچکزئی، ڈی ایس پی شکایت سیل لسبیلہ محسن خان مینگل، ایس ڈی پی او وندر منور علی شیخ، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر ناصر حسین، سپرنٹنڈنٹ ایس ایس پی آفس اوتھل محمد ہارون خلجی نے ترقی پانے والے آفیسران کو اگلے عہدوں کے بیج لگائے۔ ترقی پانے والے آفیسران میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر سے سب انسپکٹر اور ہیڈ کانسٹیبل سے اسسٹنٹ سب انسپکٹرز شامل ہیں۔ جن میں ڈسٹرکٹ لسبیلہ پولیس کے امام بخش رونجھو، شفیع محمد رونجھو، محمد یوسف رونجھو اور جمعہ خان اسسٹنٹ سب انسپکٹر سے سب انسپکٹر جبکہ نثار احمد شیخ، محمد رمضان جاموٹ، مجاہد علی خاصخیلی اور محمد نعیم زہری ہیڈ کانسٹیبل سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی یاب ہوئے۔ اس موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی نے کہا کہ محکمانہ ترقی ہر آفیسر کے کیریئر کا ایک سنہری خواب ہوتا ہے۔ پہلی خوشی اس وقت ہوتی ہے جب آدمی کوئی ملازمت حاصل کرتا ہے جبکہ دوسری خوشی جو اس سے بھی بڑھ کر حاصل اس وقت ہوتی ہے جب انسان ترقی پاتا ہے۔ اس میں ایک چیز اور بھی ہے وہ یہ کہ ترقی کے ساتھ ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

شال بقیہ 44

بن سکے آپ ہی کی وجہ سے قلات میں بلدیاتی الیکشن میں پارٹی دو حصوں میں تقسیم ہوگئی انہوں نے کہا کہ میں ایک سیاسی نظریاتی پیپلز پارٹی کا سینئر ورکر ہوں 1997 کی ممبر شپ کارڈ میرے پاس موجود ہے مجھے کوئی پرندے مجھے پارٹی سے نہیں نکال سکتے میں غیر قانونی اقدامات کو نہیں مانتا پارٹی فورم پر میں ان کو بھر پور جواب دونگا ان غیر سنجیدہ شیر خوار سلیکٹڈ صدر کا ڈور کسی اور کے ہاتھ میں ہے میں نے ضلع میں جمہوری طریقے سے الیکشن کا مطالبہ کیا تھا یہ میرا سیاسی وجمہوری حق ہے۔

شال بقیہ 45

گئے۔ محکمہ خزانہ نے انکی ناگہانی انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

شال بقیہ 46

کے مختلف اضلاع میں بارشوں، راستوں کی بندش، بجلی اور انٹرنیٹ نہ ہونے کے باعث مردم شماری عملے کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اکثر اضلاع میں مردم شماری کا کام اب تک نصف حصہ بھی نہیں ہوا اگر تاریخ میں توسیع نہ کی گئی تو کئی افراد اندراج ہونے سے رہ جائیں گے جس کے منفی اثرات بلوچستان کے فرد فرد پر پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ کئی بلاکس یعنی ایسے بلاکس بھی ہیں جن میں عمارتوں کی تعداد دو ہزار کے قریب ہیں اور ان بلاکس میں مردم شماری صرف چند دنوں میں نہیں کی جا سکتی۔

شال بقیہ 47

کرنا چاہیے کیونکہ ڈیجیٹل مردم شماری میں ڈیٹا کی انٹری انتہائی مشکل کام ہے اور اس میں ایک ایک نام شامل کرنے میں بہت زیادہ وقت لگتا ہے لہٰذا اس وقت مردم شماری کے عمل کا آدھا حصہ بھی سہی طریقے سے مکمل نہیں ہوا ہے اس لیے مردم شماری کا عمل تسلی بخش مکمل کرنے کے لیے ابھی بہت وقت درکار ہے اور اس کے لیے مردم شماری کے مدت میں توسیع کرنا ناگزیر ہے۔

شال بقیہ 48

سینئر خزانہ آفیسر فیصل عمران بھی موجود تھے۔ میڈیکل کالج کے ڈاکٹروں نے کمشنر کو بتایا کہ وہ یہاں کنٹریکٹ پر تعینات ہوئے ہیں اور ہر دو مہینے کے بعد تنخواہوں کی ادائیگی کا مسئلہ بن جاتا ہے پھر اس کے وصول کرنے میں بھاگ دوڑ کرنا پڑتا ہے اور کنٹریکٹ کی میعاد ختم ہونے پر دوبارہ تعیناتی میں ٹائم بھی لگتا ہے جس سے طلباء کی پڑھائی بھی متاثر ہوتی ہے اس کے علاوہ ہسپتال میں بھی ان کے لئے رہائش ودیگر سہولیات نہیں ہے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی نے اس موقع پر کہا کہ لوگوں کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا صوبائی حکومت کی پہلی ترجیح ہے لورالائی میڈیکل کالج اور ٹیچنگ ہسپتال علاقے کے دو نہایت اہم ادارے ہیں ان کے لئے سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

شال بقیہ 49

پست کرنیکے لیے یہ حربے استعمال میں لارہے ہیں پی ٹی آئی اور ان کی قیادت دہشت گردوں کی سیاسی ونگ ہے جو انہیں پشتونخوا میں دوبارہ آباد کرنا چاہتے ہیں بالادست اشرافیہ کو پشتونوں کی خون سے کوئی سروکار نہیں بلکہ وہ پشتونوں کی خون کی قیمت پر دنیا جہاں سے ڈالرز کے حصول کیلئے انہیں تہہ تیغ بنا رہے ہیں شہداء کے لواحقین کے ساتھ دکھ و درد کی اس گھڑی میں برابر کے شریک ہے۔

شال بقیہ 50

وریگستانوں یا دشت و بیابانوں میں آباد ہیں کم مدت میں مردم شماری عملے کا بلوچستان کے کونے کونے تک پہنچنا ناممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارشوں، راستوں کی بندش، بجلی اور انٹرنیٹ نہ ہونے کے باعث مردم شماری عملے کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اکثر اضلاع میں مردم شماری کا کام اب تک نصف حصہ بھی نہیں ہوا اگر تاریخ میں توسیع نہ کی گئی تو کئی افراد اندراج ہونے سے رہ جائیں گے جس کے منفی اثرات بلوچستان کے فرد فرد پر پڑے گا۔

شال بقیہ 51

ملتے ہی لورالائی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کرائم سین ٹیم کے ہمراہ قتل کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا، تو مسماۃ (ج) زوجہ عبدالجبار کو اپنے گھر کے اندر سر پر کلہاڑی مار کر بے دردی قتل کیا گیا تھا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے سول ہسپتال منتقل کیا اور مسماۃ (ج) کے بھائی نے درخواست دی کہ میری بہن کو اپنے بیٹے اور دیور نے مل کر قتل کیا ہے۔

شال بقیہ 52

چاول چینی چائے گھی تیل کھجور سمیت دیگر تمام اشیاء خورد و نوش موجود ہیں نصیر آباد کے تمام یوٹیلٹی اسٹورز پر ایک ہزار آٹے کے تھیلے بھی سرکاری نرخ پر فروخت کئے جاتے ہیں عوام کی ڈیمانڈ کو مدنظر رکھ کر ہر ہفتے میں ایک یا دو مرتبہ آٹے کے مقررہ کوٹے کے حصول کو یقینی بنایا جاتا ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام عمل کی مانیٹرنگ بھی کی جاتی ہے تمام اشیاء خوردونوش کی قیمتیں مارکیٹ کے لحاظ سے کافی کم ہیں۔

شال بقیہ 53

کی جانب سے ڈاکٹر حسین صاحب نے مختلف امراض میں مبتلا افراد میں اعلیٰ کوالٹی کی میڈیسن فراہم کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈبلیو ایچ او کی جانب سے تحصیل ماجھی پور کے گاؤں میر سرفراز خان کھوسہ میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سیل اور ٹی سیل ڈاکٹر حضرات نے شرکت کی تمام مریضوں کے ملیریا ٹیسٹ کئے گئے اور مختلف امراض میں مبتلا افراد کو چیک کرنے کے بعد میڈیسن فراہم کی گئی دوران میڈیکل کیمپ ڈبلیو ایچ او سے منسلک ڈاکٹر عبدالسلام کھوسہ ڈاکٹر داؤد صاحب نے وزٹ کیا اور مریضوں میں گھل مل گئے اور ادویات کو چیک کیا اور میڈیکل کیمپ کے کام کو سراہا اس موقع پر پی۔ آر۔ ایس پی۔ سے منسلک ڈاکٹر حسین صاحب نے کہا کہ دوران سیلاب ماجھی پور و دیگر پوائنٹ پر میڈیکل کیمپ لگائے گئے جس سے کافی حد تک مریضوں نے فائدہ حاصل کیا اور مختلف اشیا کا سیلاب متاثرین میں تقسیم کیا گیا اور اب بھی ہمیں جہاں جہاں میڈیکل کیمپس کی ضرورت پڑے گی انشاء اللہ وہاں بھرپور مدد کی جائے گی۔

شال بقیہ 54

غرباء ومساکین خریداری کر سکیں اور روزہ دار بغیر کسی پریشانی کے روزہ افطار کر سکیں اسلام ہمیں ناجائز منافع خوری کرنے سے منع فرماتا ہے اور لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کا درس دیتا ہے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ساگر کمار نے عوام پر بھی زور دیا کہ وہ سبزیاں اور فروٹ کی خریداری کرتے وقت ضلعی انتظامیہ کی جانب سے فراہم کردہ نرخ نامہ لسٹیں دیکھ کر قیمت ادا کریں انہوں نے کہا کہ اگر کوئی بھی دکاندار سرکاری ریٹس سے زیادہ وصول کر رہا ہے تو فوری طور پر اس کی اطلاع دی جائے تاکہ ان ناجائز منافع خوری کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

شال بقیہ 55

معلوم نہیں ہو سکی لیویز مغویوں کی بازیابی کے لیے کوشاں ہے۔

شال بقیہ 56

وغیرہ کی فروخت گزشتہ سال کے مقابلے میں 60 فیصد کم ہوئی، اسی طرح دیگر اشیا جیسے گھی اور کوکنگ آئل، چائے، آٹا وغیرہ کی فروخت بھی توقعات سے کم رہی۔ انہوں نے سوال کیا کہ جب ایک شخص کو اجناس کی قیمتوں میں ہولناک اضافے کی وجہ سے اپنے ہی خاندان کے لیے کھانے کا بندوبست کرنے میں دشواری کا سامنا ہے تو وہ دوسروں کے لیے راشن کے تھیلوں کا انتظام کیسے کر سکتا ہے دوسرے تاجر شکیل احمد نے کہا کہ لوگ غیر متوقع صورتحال کی وجہ سے ملک میں بڑھتے ہوئے سیاسی اور معاشی بحرانوں سے پریشان ہیں لہٰذا وہ احتیاط سے خرچ کر رہے ہیں، جن لوگوں نے گزشتہ سال 100 تھیلوں کی تیاری کے لیے کھانے پینے کی اشیا کا بندوبست کیا تھا، انہوں نے صرف 30-40 تھیلے بنانے کے لیے اشیا خریدی ہیں۔

شال بقیہ 57

خود اپنے مسلمانوں اور روزے داروں کا رزق بند کرنے کا مکروہ عمل انجام دیتے ہیں اور کھانے پینے کی اشیا میں کئی گنا اضافہ کر کے غریب اور نادار لوگوں کی پہنچ سے دور کرنے کا گناہ عظیم کرتے ہیں۔

شال بقیہ 58

ایچ آر آفیسر علی حسن نے استقبال کیا۔ سی ای او ڈاکٹر چاکر رئیس نے ہسپتال کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی، سابق ایم این اے گوادر نے عمانی اسپتال کے مختلف سیکشن کا دورہ کیا واضح رہے کہ پاک عمان ہسپتال پسنی کے عوام کو مفت علاج اور ادویات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ جنرل او پی ڈی، جنرل فزیشن، جنرل سرجن، ڈینٹل سرجن، پیڈیاٹریشن، ای این ٹی سرجن، آرتھوپیڈک سرجن، گائناکالوجسٹ الٹراسائنڈ اور ایکسرے کی سروس بھی دے رہا ہے۔ اپنے دورے کے دوران سابق ایم این اے سید عیسیٰ نوری نے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیک اسٹاف کے جذبے کو بھی خوب سراہا۔ اور انھوں نے ہسپتال کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 59

ذریعے ملنے والا آٹا نظم وضبط کے ساتھ با عزت طریقے سے حقداروں کو مل سکیں۔ جس کیلئے ضلعی انتظامیہ ڈسپلن کو برقرار رکھنے کیساتھ آٹا کی تقسیم منظم طریقے سے کررہی ہے۔ تاکہ رمضان المبارک کے اس بابرکت مہینے میں کسی شہری کو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔ شہریوں نے سستا آٹا ٹھیک طریقے سے تقسیم کرنے اور نظم وضبط برقرار رکھنے پر ڈپٹی کمشنر اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 60

سے اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر ملک رہنواز مری، ڈاکٹر غلام جان، عبدالرحیم مری، اور بلوچ خان بھی موجود ہے۔

شال بقیہ 61

شاہ نے کہا ہے کہ زمینداروں وکاشتکاروں کو سختی سے متنبہ کی جاتی ہے کہ ضلع سے باہر گندم کی ترسیل پر مکمل طور پر پابندی عائد کر دی گئی ہے خلاف ورزی کرنے والے تاجروں، کاشتکاروں اور زمینداروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاجر اور کاشتکار ضلعی انتظامیہ کے ساتھ اپنا تعاون یقینی بنائیں تاکہ آنے والے ایام میں گندم و آٹے کا بحران پیدا نہ ہو مزید انھوں نے کہا کہ ضلع کچھی سے گندم کی خریداری کے لیے بہت جلد محکمہ خوراک کی جانب سے خریداری کا عمل شروع ہوگا۔

شال بقیہ 62

سماجی امور میں بلوچستان بوائے اسکاوٹس ایسوسی ایشن کا کردار اہمیت کا حامل ہے وہیں قدرتی آفات کے دوران اور قدرتی آفات کے بعد متاثرین کی بحالی کی سرگرمیوں میں حصہ لینا قابل تعریف عمل ہے۔ قدرتی آفات کے دوران اور متاثرین کی بحالی کے وقت اور عام حالات میں بھی یہ محسوس کیا گیا ہے کہ معاشرے کے ہر فرد کے لیے ابتدائی طبی امداد کی تربیت بہت ضروری ہے۔ پہلے مرحلے میں ضلع مستونگ کے سو بوائے اسکاوٹس کو ابتدائی طبی امداد اور ایمرجنسی ریسپانس کی تربیت فراہم کی جائے گی۔

شال بقیہ 63

کیلئے مردم شماری کی عمل کو روکا گیا ایسے علاقے موجودہ حتمی تاریخ تک cover نہیں ہو سکیں گے ایسی صورتحال میں ان علاقوں کے لوگوں کے ساتھ ناقابل تلافی نقصان ہوگی جبکہ خمیازہ بھگتنا ان لوگوں کیلئے ناممکن ہوگا بہتر یہی ہے کہ لوگوں کو مطمئن کرنے کے لئے مردم شماری کی حتمی تاریخ میں توسیع کی جائے تاکہ ملک کے تمام علاقوں میں مردم شماری کا عمل خوش اسلوبی سے انجام تک پہنچ جائے۔

شال بقیہ 64

میں کیا پسنی کو کوئی فنڈ مہیا نہیں کیا جاتا تاکہ اپنے بلڈنگز بنائیں نادرا کا دفتر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جو خطرے کا باعث بن سکتا ہے۔ فارم ویریفکیشن بھی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اے سی پسنی عام عوام کے ساتھ تعاون نہیں کر رہا ہے لوگ ایجوکیشن یا دیگر ادارہ جات میں مشکل سے پہنچ کر فارم ویریفکیشن کرواتے ہیں جبکہ اے سی نادرا کے ساتھ ہی موجود ہے۔

شال بقیہ 65

شعوری یا لاشعوری طور پر اپنے گھر کے گندے پانی یعنی گٹر لائن کو بھی نکاسی آب یعنی ڈرینج سسٹم میں ڈالا ہے جس سے نہ صرف نکاسی آب کے لائنز متاثر ہو رہے ہیں بلکہ جگہ جگہ گندگی، بدبو، مچھروں کی افزائش اور دیگر ماحولیاتی مسائل نے جنم لینا شروع کیا ہے جو کہ کئی قسم کی بیماریوں کے پھیلاؤ کے سبب بن رہے ہیں اس سلسلے میں جی ڈی اے میونسپل ونگ کی ٹیم ڈرینج لائن کا معائنہ کریگی اور ایسے تمام افراد جنہوں نے اپنے گھر کے گٹر لائن ڈرینج کے ساتھ منسلک کی ہیں سے گزارش ہے کہ وہ فوری طور پر کنکشن ہٹا دیں دوسری صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 66

سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سید لیاقت آغا، نصیر ننگیال، حبیب الرحمن بازئی، حضرت عمر اچکزئی، حبیب اللہ ناصر ایڈووکیٹ، گل خلجی، ملک عمر کاکڑ، علاؤالدین کولکوال، سردار امجد خان ترین، سردار حبیب الرحمن دومڑ، سردار شفیق ترین، حیات خان میرزئی، سردار اویس بڑیچ، جمال خان مندوخیل، ممتاز خان بڑیچ، ڈاکٹر حسین کاسی، دارا خان جوگیزئی، صورت خان کاکڑ، عبدالرحیم راحت زئی، رزاق خان ترین، فرید خان پانیزئی اور دوست محمد لونی نے سابق صوبائی محتسب مرحوم عبدالواسع ترین ایڈووکیٹ اور پشتونخوا میپ کے صوبائی کمیٹی کے رکن سید عبدالخالق آغا کے چچا محمد رمضان مرحوم کی وفات پر الگ الگ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

شال بقیہ 67

ہر بار شکایات کے انبار لگاوے لیکن ان کے خلاف بنک کے اعلیٰ حکام اور ہیڈ آفس نے کوئی خاطر خواہ اقدام وایکشن لینے کی زحمت نہیں کی نیشنل بینک کے آپریشن منیجر سمیت دیگر عملہ بنک میں اکاؤنٹ ہولڈرز سمیت تمام سائلین کے ساتھ ناروا سلوک روا رکھا ہیں اور لوگوں کو پریشان کیا ہوا ہیں۔

TENDER NOTICE

The DIVISIONAL FOREST OFFICER KHARAN invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2023 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates. **TSE-222303283753** Bid Security 2%

S.NO	NAME OF WORK/S	E/COST	T/FEE
1	Water Resource Development for Cluster Plantation	2,000,000/-	500/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work. Turn over of at least 700,000 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **12 April, 2023** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **12 April, 2023** till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM **Address:** Divisional forest Officer Kharan Phone no: 3360212279
Email: shoukatalihotkani1@gmail.com

DIVISIONAL FOREST OFFICER KHARAN

PRQ No.3155/30-3-2023

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

رمضان بازار عوام کو سستی اشیاء خوردونوش کی فراہمی کا ذریعہ ہیں، شہک بلوچ

رمضان المبارک میں عوام کو اشیاء ضروریہ کی سستی قیمتوں پر بلاتعطل فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں

عوام گرانفروشوں کے خلاف کسی بھی شکایت کی صورت میں انتظامیہ کو آگاہ کریں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ نے کہا ہے کہ رمضان المبارک میں عوام کو اشیاء ضروریہ کی سستی قیمتوں پر بلاتعطل فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ رمضان سستا بازار عوام کو سستی اشیاء خوردونوش کی فراہمی کا ذریعہ ہیں۔ لہذا اشیاء خوردونوش کے معیار کو مزید بہتر بناتے ہوئے عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کیا جائے گا تاکہ انہیں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرتے ہوئے اشیاء خوردونوش کی دستیابی ممکن ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میزان چوک اور جوائنٹ روڈ پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قائم کردہ سستا رمضان بازار میں عوام کو فراہم کردہ سہولیات کے معائنے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر انہوں کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ عطاء المنعم بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کوئٹہ سیف سٹی پراجیکٹ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ کی آبادی کو کم شو کرنے کا قوی اندیشہ ہے، امیر مولانا عبدالرحمن رفیق

اب تک صوبائی دارالحکومت اور گردونواح میں شماری کا عمل مکمل نہیں ہے

مردم شماری کوئٹہ سمیت بلوچستان کی ترقی کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ حافظ شبیر احمد مدنی مفتی رحمت اللہ میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف مولانا حافظ سردار محمد نورزئی مولانا جلال الدین حقانی نے کہا ایک خانہ و مردم شماری کے عمل میں مزید توسیع کی جائے، کوئٹہ کی بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس کی گاڑی چوروں کے خلاف کامیاب کاروائی

چار ملزمان میں سے 1 زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، ایس ایچ او سیٹلائٹ ٹاؤن حاجی محمد زمری

کوئٹہ (این این آئی) ڈی آئی جی کوئٹہ اظفر میسر صاحب، ایس ایس پی آپریشن صاحب کوئٹہ کیپٹن رزوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر زیر نگرانی ایس پی سریاب ضیا الحق مندوخیل ڈی ایس پی سریاب سلیم جاوید شاہوانی صاحب اور ایس ایچ او سیٹلائٹ ٹاؤن حاجی محمد زمری نے اسپیشل ٹیم جن میں ایس آئی محمد سعید اور ایس آئی صدیق اللہ اسحاق زئی شامل ہے کے ذریعے کاروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد نمبر 42/23 بجرم زیر دفعہ A/381 ت پ چوری شدہ گاڑی بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

لسبیلہ پولیس میں ترقی پانے والے آفیسران کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

ترقی پانے والے افیسران کو اگلے عہدے کے بیج لگائے گئے

اوتھل (خ ن + نامہ نگار) لسبیلہ پولیس میں ترقی پانے والے آفیسران کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد، ترقی پانے والے افیسران کو اگلے عہدے کے بیج لگائے گئے۔ ترقی پانے والے جوان قانون کی عملداری عوام کی جان و مال عزت و آبرو کی حفاظت کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ ایس ایس پی لسبیلہ ایوب اچکزئی۔ لسبیلہ پولیس کے پریس ریلیز کے مطابق جمعرات کے روز ایس ایس پی آفس اوتھل میں ایک تقریب میں SSP لسبیلہ محمد ایوب بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

کم مدت میں مردم شماری عملے کا بلوچستان کے کونے کونے تک پہنچنا ناممکن ہے، عبدالقادر بلوچ

اکثر اضلاع میں مردم شماری کا کام اب تک نصف حصہ بھی نہیں ہوا، سابق وفاقی وزیر

خاران (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ نے کہا ہے کہ ساتویں ڈیجیٹل خانہ و مردم شماری چونکہ پورے ملک میں جاری ہے مگر دیگر صوبوں کے حساب سے بلوچستان قدر مختلف ہے۔ بلوچستان کی نصف آبادی پہاڑوں کے چوٹیوں ریت و ریگستانوں یا دشت و بیابان میں آباد ہیں کم مدت میں مردم شماری عملے کا بلوچستان کے کونے کونے تک پہنچنا ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا گیا کہ بلوچستان بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

عوام ڈیجیٹل مردم شماری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، حافظ محمد صدیق مدنی

مردم شماری پروسیس مدت میں توسیع کی جائے ورنہ آدھا بلوچستان محروم رہ جائیں گے

چمن (نامہ نگار) چمن: جمعیت علماء اسلام بوغرہ جٹی چمن کے نائب امیر مولوی حافظ محمد صدیق مدنی، حافظ محمد سعید بابر، مولوی عبدالرازق صمیم، حافظ محمد شفیع، مولوی سمیع اللہ حقانی اور مدرسہ عربیہ بحر العلوم گھوڑا اسپتال روڈ چمن کے ناظم تعلیمات حافظ سیف الرحمن صدیق نے کہا ہے کہ ساتویں ڈیجیٹل خانہ و مردم شماری چونکہ پورے ملک میں جاری ہے مگر دیگر صوبوں کے حساب سے بلوچستان قدر مختلف ہے۔ بلوچستان کی نصف آبادی پہاڑوں کے چوٹیوں ریت بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

ماہ صیام میں کوشش کریں کم سے کم منافع لیں، ڈپٹی کمشنر استا محمد

غرباء و مساکین کے لئے سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کریں

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد کے احکامات پر لوگوں کو رمضان المبارک میں ریلیف فراہم کرنے کے لئے اسسٹنٹ کمشنر ساگر کمار نے سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی کے ہمراہ آج مختلف ایریاز میں سبزیوں پھلوں و گوشت کے شاپس میں قیمتوں کا جائزہ لینے کیلئے اچانک دورہ کیا انہوں نے دکانداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ماہ صیام میں کوشش کریں کم سے کم منافع لیں اور غرباء و مساکین کے لئے سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کریں تاکہ بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کی کمی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، ہاشم نوتیزئی

توانائی بحران پر قابو پانے کے لئے متبادل کے طور پر سولر اور ونڈ انرجی کی طرف جانا ناگزیر ہے،

بجلی چوری پر قابو پانے کے لئے مرحلہ وار ڈیجیٹل میٹر نصب کئے جارہے ہیں، وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی میر حاجی محمد ہاشم نوتیزئی نے کہا ہے کہ توانائی بحران پر قابو پانے کے لئے متبادل کے طور پر سولر اور ونڈ انرجی کی طرف جانا ناگزیر ہے، بجلی چوری پر قابو پانے کے لئے مرحلہ وار ڈیجیٹل میٹر نصب کئے جارہے ہیں، بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کی کمی کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں، ایران کے ساتھ معاہدے کے تحت مزید 100 میگا واٹ بجلی گوادر پسنی جیوانی اور ماڑہ کو فراہم کردی گئی ہے حکومت ملک بھر سے لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا وزیر مملکت برائے توانائی نے کہا کہ ہم پرعزم ہیں کہ ملک بھر سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کریں اور اس ضمن میں اقدامات بھی کئے جارہے بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ کا کوئٹہ آن لائن رضا کاران کے ساتھ گروپ فوٹو

کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی سے میڈیکل کالج لورالائی کے پروفیسرز کے وفد کی ملاقات

لوگوں کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا صوبائی حکومت کی پہلی ترجیح ہے

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی سے میڈیکل کالج لورالائی کے پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز اور ایسوسی ایٹ پروفیسرز کی وفد نے ملاقات کی اور اپنی کنٹریکٹ کے میعاد ختم ہونے، تنخواہوں کے بقایاجات کی ادائیگی اور بروقت کنٹریکٹ کی ایکسٹینشن کے حوالے سے بات چیت کی۔ ان میں ڈاکٹر الطاف حسین، ڈاکٹر محمد زبیر، ڈاکٹر محمد وسیم، ڈاکٹر عبداللہ جان، ڈاکٹر شوکت علی، ڈاکٹر اظہر اعجاز، ڈاکٹر آفتاب، ڈاکٹر نجم اور ڈاکٹر اشتیاق کے علاوہ بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

ڈیجیٹل مردم شماری میں ڈیٹا کی انٹری انتہائی مشکل کام ہے، میر پرویز احمد سیاپاد

خاران (نمائندہ خصوصی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما فرزند خاران حاجی میر پرویز احمد سیاپاد نے کہا ہے کہ حکومت کو مردم شماری کے عمل کو شفاف طریقے سے مکمل کرنے کے لیے تاریخ میں مزید ایک مہینے کی توسیع بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

خاران احمد وال شاہراہ کی تعمیر سے متعلق قرارداد کثریت رائے سے منظور کرلی گئی

کوئٹہ (این این آئی) خاران احمد وال شاہراہ کی تعمیر سے متعلق قرارداد کثریت رائے سے منظور کرلی گئی۔ گزشتہ روز رکن صوبائی اسمبلی شاہ بلوچ کی جانب سے خاران احمد وال شاہراہ کی تعمیر سے متعلق قرارداد ایوان میں پیش کی گئی اور کہا گیا ہے کہ خاران احمد وال اور خاران بسیمہ روڈ کی تعمیر وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے، یہ سڑکیں بلوچستان کی معاشی ترقی میں اہمیت کی حامل ہیں خاران کی شاہراہوں کو ترجیحی بنیادوں پر تعمیر کیا جانا چاہیے۔

پولیس لائن پشاور دھماکہ کی ابھی دھول ختم نہیں ہوئی تھی کہ پولیس کو ایک بار پھر ٹارگٹ کیا گیا، عوامی نیشنل پارٹی

پشتونوں کی خون کی قیمت پر دنیا جہاں سے ڈالرز کے حصول کیلئے انہیں تہہ تیغ بنا رہے ہیں صوبائی بیان

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں پشتون خوا کی مروت میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اقبال خان مومند کی چار ساتھیوں سمیت شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہاپسندوں دہشت گردوں کی دوبارہ آباد کاری کی منصوبہ بندی کرنیوالوں کی کارستانیوں سے تعبیر کیا پولیس لائن پشاور دھماکہ کی ابھی دھول ختم نہیں ہوئی تھی کہ پولیس کو ایک بار پھر ٹارگٹ کیا گیا پولیس کو ٹارگٹ کرکے دہشت گرد عام شہریوں کی حوصلے بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

نوشکی سے دو افراد کو اغوا کرلیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر زاہد شاہوانی

نوشکی (این این آئی) نوشکی سے دو افراد کو اغوا کر لیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر زاہد شاہوانی کے مطابق کیشنگی کے علاقے کلی بلفانی کے رہائشی سفیر احمد اور لیاقت ہوٹل سے موٹر سائیکل پر اپنے گھر کلی بلفانی جارہے تھے راستے میں پک اپ میں سوار نامعلوم افراد نے انہیں موٹر سائیکل سے اتار کر اپنے ہمراہ لے گئے تاہم اغوا کی وجہ بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

نوشکی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نظام رحیم بلوچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

چند سیاسی نابالغ، نام نہاد غیر سنجیدہ جو کہ سیاست کی ابجد سے نا واقف ہے، عبدالواحد پندرانی

سوشل میڈیا کے ذریعے مجھے پیپلز پارٹی سے نکالنے کی میڈیا ٹرائل کر رہے ہیں

قلات (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، چیئرمین عبدالواحد پندرانی نے اپنے جاری کردی ایک مذمتی بیان میں کہا ایک چند سیاسی نابالغ، نام نہاد غیر سنجیدہ جو کہ سیاست کی ابجد سے ناواقف ہے سوشل میڈیا کے ذریعے مجھے پیپلز پارٹی سے نکالنے کی میڈیا ٹرائل کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم سلیکٹڈ نامنہاد ضلعی صدر کو مسترد کرتے ہیں زراہ وہ وضاحت کرے کہ مجھے دستور کے کس شق کے تحت پارٹی سے فارغ کرتے ہیں آپ ایک وارڈ کے کونسلر تک نہیں بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق کریم بخش اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر (BPS-17) خزانہ آفس نصیر آباد بمقام ڈیرہ مراد جمالی 28 جون 2022 کو انتقال کر بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

خاتون کے قتل میں ملوث دو افراد کو پولیس نے گرفتار کرلیا

لورالائی (خ ن) لورالائی گلی لونی آباد میں بے دردی سے قتل کی جانے والی خاتون کے قتل میں ملوث دو افراد کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ یہ کاروائی ایس ایس پی لورالائی آصف فراز مستوئی کی خصوصی ہدایت پر کی گئی۔ تفصیل کے مطابق 28 مارچ کی صبح لورالائی پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ لونی آباد کے ایک گھر میں دیور اور بیٹے نے مل کر ایک خاتون کو قتل کیا ہے۔ اطلاع بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

بشیر احمد بنگلزئی نے ڈیرہ مراد جمالی میں قائم مین یوٹیلیٹی سٹور کا اچانک دورہ کیا

یوٹیلیٹی اسٹور پر رکھی اشیاء چیک کیں اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی نے ڈیرہ مراد جمالی میں قائم مین یوٹیلیٹی سٹور کا اچانک دورہ کیا انہوں نے یوٹیلیٹی اسٹور پر رکھی اشیاء چیک کیں اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا اور وہاں پر موجود لوگوں سے مختلف اشیاء خورد و نوش کی فراہمی اور قیمتوں کے حوالے سے آگاہی حاصل کی یوٹیلیٹی اسٹور کے ایریا منیجر محمد حیات مگسی نے کمشنر نصیر آباد ڈویژن کو آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع نصیر آباد میں چھ یوٹیلیٹی اسٹورز قائم ہیں اور تمام فعال ہیں ان پر دالیں بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر


رکن صوبائی اسمبلی سردار یار محمد رند اسمبلی اجلاس میں تحریک التواء پیش کر رہے ہیں

تحصیل ماجھی پور کے گاؤں میر سرفراز خان کھوسہ میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

ماجھی پور (نامہ نگار) ڈبلیو ایچ او نے دوران سیلاب ضلع صحبت پور کے مختلف تحصیلوں میں کیمپ لگا کر دکھی انسانیت کی اعلیٰ مثال قائم کی آج دوبارہ تحصیل ماجھی پور کے گاؤں میر سرفراز خان کھوسہ میں غریب اور نادار افراد کی خاطر ایک مرتبہ پھر ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ لگائی گئی جس کی قیادت ڈی ایچ او صحبت پور شوکت علی کھوسہ اور ان کا عملہ نے کیا۔ پی آر۔ ایس۔ پی بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

مختلف وجوہات کی بنیاد پر برآمدات متاثر ہوئیں، وزیر تجارت

دنیا میں کساد بازاری آئی ہے، بجلی اور قیمتوں میں رعایت واپس لینا پڑی ہے جس سے برآمدات متاثر ہوئی ہیں

برآمدی صنعت سے وابستہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، آئی ایم ایف کی شرط ہے کہ صنعتی برآمدی شعبہ پر سبسڈی نہ دی جائے، سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر برائے تجارت سید نوید قمر نے کہا ہے کہ مختلف وجوہات کی بنیاد پر برآمدات متاثر ہوئی ہیں، برآمدی صنعت سے وابستہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، آئی ایم ایف کی شرط ہے کہ صنعتی برآمدی شعبہ پر سبسڈی نہ دی جائے، برآمدی صنعت زر مبادلہ کے حصول میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جمعرات کو سینٹ میں سینیٹرز کہدہ بابر، محسن عزیز اور ولادر خان کے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں اشیائے خورد و نوش کی کوئی قلت نہیں، کینو، آم اور دیگر پھل اور سبزیاں برآمد کی جاتی ہیں، زرعی مصنوعات درآمد کی جاتی ہیں، ان کی برآمدات میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرط ہے کہ صنعتی برآمدی شعبہ پر سبسڈی نہ دی جائے۔ انہوں نے بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

کوئٹہ میں آسمان کو چھوتی مہنگائی سے رمضان المبارک میں راشن تقسیم کرنے کی روایت بھی متاثر ہوگئی

مختلف اشیا کی فروخت گزشتہ سال کے مقابلے میں 60 فیصد کم ہوئی، تاجر

لوگ اب راشن بیگ کے بجائے نقد رقم دینے کو ترجیح دے رہے ہیں، عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل

کوئٹہ (این این آئی) آسمان کو چھوتی مہنگائی سے رمضان المبارک میں راشن تقسیم کرنے کی روایت بھی متاثر ہو کر رہ گئی ہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اشیائے خورد و نوش کے تاجروں کا دعویٰ ہے کہ راشن بیگ کی تیاری کے لیے استعمال ہونے والی مختلف اشیا کی فروخت گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں رمضان انتہائی کم رہی جس کی وجہ آسمان کو چھوتی قیمتیں اور عوام کی قوت خرید میں کمی ہے یہ ایک روایت ہے کہ خاص طور پر رمضان میں لوگ راشن کے پیکٹ تیار کرتے اور انہیں ضرورت مندوں میں تقسیم کرتے ہیں تاہم بجلی کے مہنگے بل، گیس کے نرخ اور پیٹرولیم کی بڑھتی ہوئی قیمتیں لوگوں کی ایک بڑی تعداد کو اس سال غریبوں کی مدد کے لیے بڑا قدم نہیں اٹھانے دے رہیں مسجد روڈ کے ایک تاجر امیر عالم نے کہا کہ مختلف اشیا جیسے دالوں، چاول، چینی بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

بی این پی: آزادی اظہار رائے پر مکمل یقین رکھتی ہے، غلام نبی مری

صحافت ایک مقدس پیشہ ہے اور اس سے وابستہ افراد قابل احترام ہیں

میڈیا معاشرے کو درست سمت کی طرف گامزن کرنے اور رائے عامہ کو بدلنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، ضلعی صدر بی این پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری نے اپنے ایک بیان میں پریس کلب کوئٹہ نو منتخب صدر عبدالخالق رند، جنرل سیکرٹری بنارس خان اور انکے دیگر کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ پریس کلب کوئٹہ کی نو منتخب کابینہ صحافیوں کے حقوق و فلاح و بہبود کے لئے کوششوں اور بلوچستان کی پسماندہ عوام کی آواز کو موثر انداز میں بلند کرتے ہوئے ایوانوں اور ارباب اختیار تک پہنچانے میں اپنا عملی کردار ادا کرینگے بلکہ مثبت اور معیاری صحافت کو مزید فروغ دینے کے ساتھ صحافیوں کے حقوق اور آزادی صحافت کے لئے بھرپور جدوجہد کرتے رہیں گے، بلوچستان کے صحافیوں نے انتہائی نامساعد حالات کے باوجود جس طرح صحافتی فرائض بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

صوبائی حکومت ماہ رمضان میں ایک لاکھ خاندانوں کو راشن کی فراہمی کے حوالے سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رمضان میں ناجائز منافع خوری گناہ عظیم ہے، نعمت اللہ ظہیر

خالق کائنات اپنے نیک و بد تمام بندوں کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیتے ہیں

بدقسمتی سے ہم صرف نام کے مسلمان رہ گئے ہیں، چیئرمین کے ایف

کوئٹہ (این این آئی) خدمت خلق فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) انٹرنیشنل کے چیئرمین صدارتی تمغہ امتیاز ممتاز سماجی شخصیت نعمت اللہ ظہیر نے رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں خود ساختہ مہنگائی اور ناجائز منافع خوری پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ رمضان المبارک صبر اور انکساری کا مہینہ ہے۔ اس ماہ مقدس میں خالق کائنات اپنے نیک و بد تمام بندوں کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیتے ہیں اور ان کے رزق میں اضافہ فرماتے ہیں مگر افسوس کہ ہم بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

پاک عمانی اسپتال سے سب ڈویژن پسنی کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا، سید عیسیٰ نوری

پسنی (این این آئی) سابق ایم این اے اور ذکری مذہبی پیشوا سید عیسیٰ نوری نے کہا ہے کہ پاک عمانی اسپتال سے سب ڈویژن پسنی کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا انہوں نے کہا کہ پاک عمانی اسپتال میں تمام سہولیات موجود ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ حکومت بلوچستان اس اسپتال کو مذید سہولیات فراہم کریگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک عمانی اسپتال کے موقع پر کیا اس موقع پر پی ای ای اسپتال پسنی کے ڈاکٹر جاگر ریاض، ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ اور ایڈمنسٹریٹر بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

لاہور خواتین رمضان پیکیج کے تحت ملنے والے مفت آٹے کے تھیلے لیکر جارہی ہیں

صوبائی حکومت کی جانب آٹا شہریوں کو سستے داموں فروخت کیا جارہا ہے، محمد عارف زرکون

رمضان المبارک کے اس بابرکت مہینے میں کسی شہری کو کوئی تکلیف نہ پہنچے

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد عارف زرکون کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ارباب سعید احمد کاسی کی نگرانی میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں شہریوں کو 20 کلو آٹے کا تھیلا سرکاری نرخ 1550 روپے میں فراہم کیا گیا جس کیلئے شہریوں کی کثیر تعداد آٹا خریدنے پہنچ گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد عارف زرکون نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سستا آٹا ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی غریب اور مستحق شہریوں کو سستے داموں فروخت کیا جارہا ہے تاکہ عام اور غریب افراد کو ریلیف پہنچ سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ اس خصوصی پیکیج کے بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

ایچ ڈی پی کے قادر علی نائل و دیگر کا غلام نبی مری سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل، ایچ ڈی پی کے رکن جمعہ لالا، سابق نائب صدر ایچ ایس ایف نورانی اور دیگر گلی بڑو سریاب میں پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری کے والد محترم محمد دین مری کے انتقال پر لواحقین بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

تاجر اور کاشتکار ضلعی انتظامیہ کے ساتھ اپنا تعاون یقینی بنائیں، بشیر احمد بنگلزئی

بہت جلد محکمہ خوراک کی جانب سے خریداری کا عمل شروع ہوگا

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی اور ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) یاسر حسین کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی رحمت اللہ شاہ نے تحصیل جھل مگسی کی مختلف شاہراہوں پر واقع لیویز چیک پوسٹس پر تعینات آفیسران و اہلکاروں کو گندم کی غیر قانونی اسمگلنگ کرنے والوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کی تیاری کیلئے تاکہ بندی و چیکنگ کیلئے جامع حکمت عملی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی رحمت اللہ بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

ابتدائی طبی امداد کی تربیت معاشرے کے ہر فرد کیلئے ضروری ہے، ڈاکٹر عدیل احمد

بیلہ (این این آئی) ابتدائی طبی امداد اور ایمرجنسی ریسپانس کی تربیت معاشرے کے ہر فرد کے لئے ضروری ہے۔ گزشتہ روز سینئر بوائے اسکاوٹ لیڈر ضلع مستونگ ندیم زہاد نے ایمرجنسی میڈیکل آفیسر ضلع مستونگ ڈاکٹر عدیل احمد خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ابتدائی طبی امداد کی اہمیت اور افادیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر عدیل احمد خان نے بلوچستان بوائے اسکاوٹس ایسوسی ایشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ جہاں دیگر بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

مردم شماری کرنے کی حتمی تاریخ میں توسیع کی جائے، حبیب اللہ زہری

ملک کے طول و عرض میں صحیح معنوں میں تسلی بخش طریقہ سے دور دراز علاقوں کی آبادی اس سے مستفید ہو سکیں

قلات (نامہ نگار) پروفیسر حاجی حبیب اللہ زہری نے اپنے ایک بیان میں حکومت پاکستان کی آبادی شمار کرنے والے ذمہ داروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ مردم شماری کرنے کی حتمی تاریخ میں توسیع کی جائے تاکہ ملک کے طول و عرض میں صحیح معنوں میں تسلی بخش طریقہ سے دور دراز علاقوں کی آبادی اس سے مستفید ہو سکیں خاص کر ایسے علاقے جن میں چند دنوں بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

ملک میں عام انتخابات فوری طور پر نہیں ہوسکتے، سردار یعقوب خان ناصر

عمران خان کھلاڑی تو بن گیا تھا لیکن وہ ایک سنجیدہ سیاستدان کبھی نہیں بن سکے گا

عمران خان کھلاڑی تو بن گیا تھا لیکن وہ ایک سنجیدہ سیاستدان کبھی نہیں بن سکے گا، سابق وفاقی وزیر

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سابق وفاقی وزیر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ عمران خان کھلاڑی تو بن گیا تھا لیکن وہ ایک سنجیدہ سیاستدان کبھی نہیں بن سکے گا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس آف سپریم کورٹ کے سوموٹو نوٹس کا خاتمہ اچھی بات ہے ادارے مضبوط ہونے پر توجہ دینی چاہئے اگر یہ اختیار تین سینئر ترین ججز کے پاس آ جائے گا تو اس سے ملکی ایشوز پر فوری نوٹس سے انصاف کے تقاضے ضرور پورے کئے جاسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں عام انتخابات فوری طور پر نہیں ہوسکتے ملک معاشی طور پر بھی اسکا ہرگز متحمل نہیں ہوسکتا اکتوبر میں تمام چاروں صوبوں اور قومی اسمبلی کا الیکشن ایک بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

مولانا اللہ بخش کی رحلت سے جمعیت نظریاتی ایک مخلص رہنما سے محروم ہوگئی، قاری مہراللہ

جماعت میں مولانا اللہ بخش کے وفا عزیمت، ثابت قدمی واستقامت اور قربانیاں ہمیشہ یاد رہیں گی

کوئٹہ (این این آئی) جماعتی ڈھانچے کو مضبوط بنانے میں تنظیمی اور جماعتی اصولوں کی پاسداری ان کا شعار تھا۔ جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا اللہ بخش کو کلی کماؤ مینگل آباد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر مولانا قاری مہراللہ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی صوبائی ترجمان مولانا رحمت اللہ حقانی ناظم دوم مولانا محمد ابراہیم و دیگر سینکڑوں علماء مشائخ طلباء اور علاقے کی قبائلی عمائدین عوام بہت بڑی تعداد میں شرکت کی جنازہ کی موقع پر مولانا قاری مہر اللہ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مولانا اللہ بخش کی رحلت سے جمعیت نظریاتی ایک مخلص رہنما سے محروم ہوگے۔

منگچر و گردونواح میں وقفے وقفے سے بارش سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا

منگچر (این این آئی) منگچر گرانی جوہان گرگ کوہک سمیت شمالی بلوچستان کے مختلف علاقوں میں گزشتہ شب سے وقفے وقفے سے گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے بارش سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے اور بارش کے بعد مختلف علاقوں میں بجلی معطل ہوگئی، ہے دوسری جانب گیس کی مکمل بندش سے بھی روزہ داروں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا سحری افطاری کے اوقات بجلی گیس نہ ہونے سے انکو مشکلات درپیش ہیں جبکہ بارشوں سے سردی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔

بڑے ادارے طویل مدت میں اپنے اسٹاف کو دفاتر مہیا نہ کرسکے، فہیم جوہر

نادرا کا دفتر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جو خطرے کا باعث بن سکتا ہے، کونسلر عطاء اللہ

پسنی (این این آئی) وائس چیئرمین ایم سی پسنی فہیم جوہر، کونسلر عطاء اللہ، عبدالغفور، غلام رضا، کونسلر و مرکزی ماہی گیر سکرٹری عزیز اسماعیل، محمد جدگال، حامد احمد اور حاجی ناصر عبداللہ نے کہا ہے کہ نادرا، اے سی اور تحصیلدار لوکل گورنمنٹ کے مخدوش حال دفتر میں ڈیرا جمائے ہوئے ہیں بڑے ادارے طویل مدت میں اپنے اسٹاف کو دفاتر مہیانہ کرسکے روینیو جنریٹنگ بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

کئی ماہ گزرنے کے باوجود پنجرہ پل اور ٹرین سروس بحال نہ ہوسکا، ذوالفقار طارق

معمولی بارش ہونے سے ہی تمام راستے بند ہوجاتے ہے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (این این آئی) اہلسنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے وفد کے ساتھ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کئے ماہ گزرنے کے باوجود پنجرہ پل اور ٹرین سروس بحال نہ ہونا صوبائی حکومت اور وفاق کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے وزیر اعظم کا بولان کے دورے کے موقع پر حکم دیا کہ پنجرا پل فل فور تعمیر کیا جائے لیکن انتظامیہ نے حکم ہوا میں اڑادیا ہے اور ٹرین سروس بحال نہ ہونے کی وجہ سے مسافروں کو پنجاب سندھ جانا شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے معمولی بارش ہونے سے ہی پنجرے پل اور تمام راستے بند ہو جاتے ہے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

گوادر میں اربوں روپے کی لاگت سے نکاسی آب کا منصوبہ شروع کردیا، جی ڈی اے گوادر

شہر کے مختلف حصوں میں سیوریج لائن نیٹ ورک اور نکاسی آب کے لیے ڈرینج لائن بچھائی جائے گی

گوادر (این این آئی) گوادر میں اربوں روپے کی لاگت سے نکاسی آب کے لیے بچھائی گئی ڈرینج لائن میں شہریوں نے گٹر کے پانی بہا دینا شروع کردیے، ادارہ ترقیات گوادر دیقانونی کاروائی کی نوید سنادی اس سلسلے میں جی ڈی اے گوادر کی جانب سے جاری ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ شہر کے مختلف حصوں میں سیوریج لائن نیٹ ورک اور نکاسی آب کے لیے ڈرینج لائن بچھائی گئی ہے اور یہ ڈرینج سسٹم خالصتاً بارش ساتی پانی کے اخراج کے لیے ہوتا ہے جبکہ گٹر کے اخراج کے لیے سیوریج لائن موجود ہے لیکن شدید میں آیا کہ شہر کے بعض علاقوں میں لوگوں نے بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

پشتونخوا میپ کا عبدالواسع ترین اور محمد رمضان کی وفات پر خاندانوں سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سینئر نائب صدر سید شراف آغا، نائب صدر عبدالمجید خان اچکزئی، صوبائی بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

نیشنل بینک مستونگ کے ملازمین کا رویہ عوام اور ملازمین کے درست نہیں ہے، بی این پی

بینک کے نااہل انتظامیہ دانستہ طور پر سائلین کو خوار و ذلیل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں

مستونگ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مستونگ کے سینئر رہنما شاہنواز بارروزئی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ نیشنل بینک مستونگ نے اپنے اکاؤنٹ ہولڈرز کی زاتی جمع پونجی ہونے کے باوجود اپنے اکاؤنٹ ہولڈرز کو ذلیل خوار کرنے کے ساتھ 70/80 سالہ ضعیف العمر بزرگ بینک ہولڈرز کو غیر ضروری طور پر بار بار بینک کے چکر لگوانے اور ذلیل اور خوار کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑ رہے ہیں انھوں نے کہا کہ بینک عملے کا ہمیشہ سے وطیرہ رہا ہیں کہ وہ اپنے صارفین کو ذلیل اور خوار کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں انھوں نے کہا نیشنل بینک کے ملازمین کا عوام الناس کیساتھ رویہ بھی انتہائی مایوس کن ہے۔ شہریوں نے بینک ملازمین کے خلاف بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

کوئٹہ بی این پی عوامی کے مرکزی صدر میر اسد اللہ بلوچ سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مکران نعیم بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

خاران ڈپٹی کمشنر منیر احمد موسیانی کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر امتیاز محفوظ بلوچ غیر قانونی چھینی کے گودام سیل کر رہے ہیں